اقبالیات (اردو)

جولائی تا ستمبر، ۱۹۷۶ء

مدیر:

ڈاکٹر محمد معزالدین

اقبال اکادمی پاکستان

عنوان	:	اقبالیات (جولائی تا ستمبر ۱۹۷۶ء)
مدیر	:	محمد معزالدین
پبلشرز	:	اقبال اکادمی پاکستان
شہر	:	کراچی
سال	:	۱۹۷۶ء
درجہ بندی (ڈی۔ڈی۔سی)	:	۱۰۵
درجہ بندی (اقبال اکادمی پاکستان)	:	8U1.66V11
صفحات	:	۱۳۲
سائز	:	۱۴٫۵×۲۴٫۵ س م
آئی۔ایس۔ایس۔این	:	۰۰۲۱-۰۷۷۳
موضوعات	:	اقبالیات
	:	فلسفہ
	:	تحقیق

مندرجات

جلد: ۱۷ | اقبالیات: جولائی تا ستمبر، ۱۹۷۶ء | شمارہ: ۲

اقبال ریویو

مجلۂ اقبال اکادمی پاکستان

جلد ۱۷　　جولائی ۱۹۷۶ بمطابق رجب ۱۳۹۶　　نمبر ۲

مندرجات

ہمارے قلمی معاونین

- ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں — صدر شعبۂ اُردو، سندھ یونیورسٹی، حیدر آباد
- پروفیسر سمیع اللہ قریشی — گورنمنٹ کالج، جھنگ
- عبدالقوی دسنوی — سیفیہ کالج بھوپال، ہندوستان
- علامہ محمد حسین عرشی — عالم - لاہور

ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان

اقبال اور تصوّف

سورۂ آلِ عمران (آیت ۱۶۳) میں آتا ہے :

لَقَدْ مَنَّ اللّٰہُ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ اِذْ بَعَثَ فِیْھِمْ رَسُوْلاً مِّنْ اَنْفُسِھِمْ

یَتْلُوْا عَلَیْھِمْ اٰیٰتِہٖ وَیُزَکِّیْھِمْ وَ یُعَلِّمُھُمُ الْکِتٰبَ وَ الْحِکْمَۃَ ج وَ

اِنْ کَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ o

[اللہ پاک نے احسان کیا ایمان والوں پر جو بھیجا رسول اُنہی میں کا ، جو پڑھتا ہے اُن پر آیتیں اُس کی اور تزکیہ کرتا ہے اُن کا اور سکھاتا ہے اُن کو کتاب اور حکمت ، اور وہ لوگ پہلے کھلی گمراہی میں تھے -]

اس آیت میں حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک خصوصیت یہ بھی بتائی گئی ہے کہ وہ تزکیۂ نفس اور تصفیۂ قلب بھی فرماتے ہیں تاکہ لوگوں میں کوئی باطنی بیماری نہ رہنے پائے - حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اُن کے صحابہ ، تابعین اور تبع تابعین بھی آپ کے نائبین کی حیثیت سے اصلاحِ نفس کرتے رہے اور اُن کے بعد علما اور صلحا نے یہ خدمت انجام دی - اسلام میں سب سے پہلے شخص جو صوفی کہلائے گئے وہ ابو ہاشم کوفی تھے جو سفیان ثوری کے معاصر تھے - بعض کے نزدیک پہلے صوفی جابر بن حیان تھے جو ابوہاشم کوفی کی طرح دوسری صدی ہجری سے تعلق رکھتے ہیں - ان بزرگوں کی صوفیانہ اور زاہدانہ زندگی ”و یزکیھم“ کی عملی تفسیر تھی - پھر جن بزرگوں نے تصوف پر شروع شروع میں لکھا ہے اُن میں جنید بغدادی (المتوفی ۲۹۷ھ) ، ابو نصر سراج طوسی (المتوفی ۳۷۸ھ) ، ابو بکر بخاری کلا باذی (اواخر چہارم صدی) ، ابوالقاسم قشیری (المتوفی ۴۶۵ھ) ، داتا گنج بخش لاہوری (المتوفی ۴۶۵ھ) خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں - حضرت با یزید بسطامی (المتوفی ۲۶۱ھ) اور جنید بغدادی نے اپنے ذوق و وجدان کی بنا پر مسئلۂ وحدۃ الوجود کا سب سے پہلے ذکر کیا

تھا ، لیکن ان کے بعد محی الدین ابن عربی (المتوفی ۶۳۸ھ) نے اس مسئلے کو ذہنی اور استدلالی جامہ پہنا کر ایک فلسفہ بنا دیا ـ مگر امام غزالی (المتوفی ۵۰۵ھ) نے پہلے ہی اسلامی عقائد کو صحیح اور اصلی صورت میں پیش کرکے تصوّف کو فلسفے کی غلامی سے بچانے کی راہ ہموار کر لی تھی ـ تاہم فارسی اور اُردو کے بیشتر شعرا نے وحدۃ الوجود ہی کے راگ الاپے اور ''ہمہ اوست'' کے مضامین سے اپنے کلام کو زینت بخشی ـ لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ ''مسائلِ تصوّف'' صرف بیان ہی بیان میں تھے اور اکثر شعرا عملاً تصوّف اور متصوفانہ زندگی سے خالی تھے ـ

محی الدین ابن عربی نے جو مسئلہ وحدۃ الوجود پر بحث کی ہے اُس کا خلاصہ یہ ہے کہ وجود صرف ایک ہے اور تمام اشیا اُسی ایک وجود کی تجلیات اور مظاہر ہیں ـ وجودِ حقیقی اور کائنات میں ذات و صفات کی نسبت ہے اور چونکہ صفات عینِ ذات ہیں اس لیے کائنات بھی حق تعالیٰ سے الگ کوئی وجود نہیں رکھتی بلکہ سب کچھ وہی وہ ہے ـ انھوں نے کہا کہ سُبْحَانَ مَنْ خَلَقَ الاشْیَاءَ وَهُوَ عَیْنُهَا [پاک ہے وہ ذات جس نے اشیا کو پیدا کیا اور وہ خود عین اشیا ہے] اور یہ بھی کہا کہ اَلرَّبُّ حَقٌّ وَ الْعَبْدُ حقٌّ فَمَا اَدْرِیْ مَنِ الْمُکَلَّفُ [خدا بھی حق ہے اور بندہ بھی حق ہے ـ پھر مجھے معلوم نہیں کہ مکلف کون ہے) ـ[1] پھر حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۰۳۴ھ) نے اس ''ہمہ اوست'' کے نظریے کو ''ہمہ ازوست'' بنا دیا ـ وہ فرماتے ہیں کہ :

''اشیا نزدِ صوفیہ ظہوراتِ حق اند نہ عینِ حق ـ پس اشیا از حق باشند نہ حق ـ پس معنیِ این کلامِ ایشان کہ ہمہ اوست ، ہمہ ازوست باشد کہ مختارِ علماے کرام است و نزاع درمیانِ علماے کرام و صوفیہ عظام فی الحقیقۃ ثابت نہ باشد ـ مآلِ قولین یکے بود ـ این قدر فرق است کہ صوفیہ اشیا را ظہوراتِ حق می گویند و علما ازین لفظ نیز تحاشی می نمایند از جہتِ تحرّز نمودن از توہم حلول و اتحاد ـ''[2]

[صوفیہ کے نزدیک اشیا حق تعالیٰ کے ظہورات ہیں ، نہ کہ حق تعالیٰ

۱ـ تفصیل کے لیے دیکھیں پروفیسر ضیاء احمد بدایونی ، ''مباحث و مسائل'' (دہلی ، ۱۹۶۸) ، ص ۲۰ ببعد ـ

۲ـ ''مکتوبات'' ، دفتر دوم ، مکتوب ۴۴ ـ

کا عین - پس اشیا حق تعالیٰ سے ہیں ، نہ کہ وہ خود حق تعالیٰ ہیں - چنانچہ اُن کے کلام ہمہ اوست کے معنی ہمہ ازوست ہوں گے جو کہ علمائے کرام کے نزدیک مختار ہیں اور علما و صوفیہ کے درمیان حقیقت میں کوئی نزاع نہیں ہے - دونوں کے اقوال کا مقصد ایک ہے - صرف اس قدر فرق ہے کہ صوفیہ اشیا کو حق تعالیٰ کے ظہورات کہتے ہیں اور علما اس لفظ سے بھی اجتناب کرتے ہیں تا کہ حلول اور اتحاد کا وہم بھی پیدا نہ ہو سکے -]

تصوّف اور متصوفین کے اس اجمالی جائزے کے بعد علامہ اقبال کے نظریۂ تصوّف کا مطالعہ کیا جائے تو اندازہ ہوتا ہے کہ وہ یکسر تصوّف کے مخالف نہیں تھے بلکہ وہ ایسے تصوّف کے خلاف تھے جو بے عملی اور راہبانہ زندگی کی دعوت دے -

۱۸۵۷ کی جنگِ آزادی میں مسلمانوں کی ناکامی مسلّم ہے لیکن انگریزوں کو اتنا اندازہ ضرور ہو گیا تھا کہ یہ قوم متحد ہونے کی صلاحیت ضرور رکھتی ہے - چنانچہ اُن کی قوت کو ختم کرنے کے لیے مختلف حربے استعمال کیے گئے - پادری فنڈر کو بلایا گیا - بریلوی اور دیو بندی جھگڑے کھڑے کیے گئے - ایک پیغمبر کو بھی پیدا کیا گیا - شدی سنگھٹن تحریک شروع کرائی گئی اور زیادہ سے زیادہ پھوٹ ڈالنے کی کوشش کی گئی - سید احمد خاں کے رسالہ "تہذیب الاخلاق" کے مضامین کے عنوانات ہی سے معلوم ہو سکتا ہے کہ قوم میں کیا کیا برائیاں پیدا ہو چکی تھیں یا پیدا کرائی گئی تھیں - تاہم راعی اور رعایا کے درمیان مصالحت و مفاہمت اور در سع الدہر کیف دار سید احمد خاں اور اُن کے رفقا کا مشن تھا - لیکن علامہ اقبال کے کام کی نوعیت مختلف تھی - وہ "با زمانہ بساز" کے نہیں بلکہ "با زمانہ ستیز" کے قائل تھے ، اور ابھی یورپ ہی میں تھے کہ انھوں نے اسلامی حقائق کی اشاعت کو اپنا نصب العین بنا لیا تھا - وہ لکھتے ہیں : "جو خیالات میں نے ان مثنویوں ["اسرارِ خودی" اور "رموزِ بے خودی"] میں ظاہر کیے ہیں اُن کو برابر ۱۹۰۷ سے ظاہر کر رہا ہوں - - - - مقصود اسلامی حقائق کی اشاعت ہے -"[۳] اقبال کا یہ مقصود اس لیے تھا کہ انگریز نے اسلامی حقائق سے رو گردانی کرانے کے لیے اپنی تہذیب کو زیادہ جاذبِ نظر بنا دیا تھا - اقبال کہتے ہیں :

نظر کو خیرہ کرتی ہے چمک تہذیبِ حاضر کی
یہ صناعی مگر جھوٹے نگوں کی ریزہ کاری ہے

۳- شیخ عطاء اللہ ، مرتب ، "اقبال نامہ" ، حصۂ اول ، صفحہ ۱۱۰ -

فسادِ قلب و نظر ہے فرنگ کی تہذیب
کہ روح اس مدنیت کی رہ سکی نہ عفیف

اس تہذیب کی وجہ سے مسلمانوں میں جو احساسِ کمتری پیدا ہوا ہے اُس کے متعلق کہتے ہیں :

افرنگ ز خود بے خبرت کرد وگرنہ   اے بندۂ مومن تو نذیری ، تو بشیری

اسلام اور مسلمانوں کو ختم کرنے کے لیے دوسرا زہرِ قاتل مغرب کا جذبۂ وطنیت ہے - یہی جذبۂ وطنیت اب نئے سرے سے پاکستان میں پیدا کرایا جا رہا ہے - اقبال نے کہا تھا :

اپنی ملت پر قیاس اقوامِ مغرب سے نہ کر
خاص ہے ترکیب میں قومِ رسولِ ہاشمی ؐ

مغرب نے تیسرا زہر تعلیم کے نظام کا پیش کیا تھا - اقبال نے صاف طور پر کہا ہے :

اور یہ اہلِ کلیسا کا نظامِ تعلیم
ایک سازش ہے فقط دین و مروّت کے خلاف

مکتب و مدرسہ جز درسِ نبودن نہ دہند
بودن آموز کہ ہم باشی و ہم خواہی بود

اور یہ کہ :

عصرِ حاضر ملک الموت ہے تیرا جس نے
قبض کی روح تری ، دے کے تجھے فکرِ معاش
مدرسے نے تری آنکھوں سے چھپایا جن کو
خلوتِ کوہ و بیاباں میں وہ اسرار ہیں فاش

چوتھی مہلک چیز جو ان تمام مہلکات میں جاری و ساری ہے وہ ''تخمین و ظن'' ہے جو یقین کی ضد ہے اور اسی سے پستی ، بے بضاعتی ، احساسِ کمتری اور بے عملی پیدا ہوتی ہے ، کیونکہ بڑی سے بڑی قوت یقین کے فقدان سے ختم ہو جاتی ہے اور معمولی سی چیز بھی اُس پر غالب آ جاتی ہے - چنانچہ ہر وہ علم ، عقل ، فکر یا فلسفہ جو صرف سوچنا سکھائے اور عمل کے لیے آمادہ نہ کر سکے وہ ''تخمین و ظن'' ہے اور اقبال کے نزدیک مردود ہے - اور وہ تصوف

بھی (اقبال کے نزدیک) صحیح نہیں جو بے عملی سکھائے ۔

ع بہانہ بے عملی کا بنی شرابِ الست

ایسے نام نہاد تصوّف اور صوفیوں کے متعلق ''اسرارِ خودی'' میں کہتے ہیں :

دل ز نقشِ لا الہ بے گانۂ از صنمہائے ہوس بت خانۂ
می شود ہر مو ، درازے خرقہ پوش آہ زین سودا گرانِ دین فروش

حضرت مجدد الف ثانی[۴] کی طرح اقبال بھی کہتے ہیں کہ ایسے صوفیوں کو قرآن سے وجد و حال پیدا نہیں ہوتا بلکہ اشعار کے سننے سے پیدا ہوتا ہے :

صوفیِ پشمینہ پوشِ حال مست از شرابِ نغمۂ قوال مست
آتش از شعرِ عراقی در دلش در نمی سازد بہ قرآن محفلش

ایسے صوفیہ وحدۃ الوجود کے فلسفے میں غرق ہو کر اپنے صحیح منصب کو بھلا چکے ہیں ۔ ''ساقی نامہ'' میں کہتے ہیں :

وہ صوفی کہ تھا خدمتِ حق میں فرد محبت میں یکتا ، حمیت میں فرد
عجم کے خیالات میں کھو گیا یہ سالک مقامات میں کھو گیا

۱۹۱۷ میں وہ لکھتے ہیں :

''شعرائے عجم میں بیشتر وہ شعرا ہیں جو اپنے فطری میلان کے باعث وجودی فلسفے کی طرف مائل تھے ۔ اسلام سے پہلے بھی ایرانی قوم میں یہ میلانِ طبیعت موجود تھا اور اگرچہ اسلام نے کچھ عرصے تک اس کا نشو و نما نہ ہونے دیا ، تاہم وقت پا کر ایران کا آبائی اور طبعی مذاق اچھی طرح سے ظاہر ہوا ، یا بالفاظِ دیگر مسلمانوں میں ایک ایسے لٹریچر کی بنیاد پڑی جس کی بنا وحدۃ الوجود تھی ۔ ان شعرا نے نہایت عجیب و غریب اور بظاہر دلفریب طریقوں سے شعائرِ اسلام کی تردید و تنسیخ کی ہے اور اسلام کی ہر محمود شے کو ایک طرح سے مذموم بیان کیا ہے ۔''[۵]

اسی طرح وجودی صوفیہ کے متعلق بھی وہ اسی سال لکھتے ہیں :

''میرا تو عقیدہ ہے کہ غلو فی الزہد اور مسئلۂ وجود مسلمانوں میں زیادہ تر

۴۔ ''مکتوبات'' ، دفتر اول ، مکتوب ۲۶۱ میں ہے : ''اگر شمۂ از حقیقتِ کمالاتِ صلواتیہ بر ایشان منکشف شدے ہرگز دم از سماع و نغمہ نزدندے و یادِ وجد و تواجد نہ کردندے ۔ ۔ ۔ ۔''

۵۔ شیخ عطاء اللہ ، مرتب ، کتاب مذکور ، حصۂ اول ، ص ۳۵ - ۳۶ ۔

بدھ مذہب کے اثرات کا نتیجہ ہیں ۔ خواجہ نقشبند [المتوفی ۷۹۱ھ] اور مجددِ سرہندؒ [المتوفی ۱۰۳۴ھ] کی میرے دل میں بہت عزت ہے ۔ مگر افسوس کہ آج یہ سلسلہ بھی عجمیت کے رنگ میں رنگ گیا ہے ۔ یہی حال سلسلۂ قادریہ کا ہے جس میں میں خود بیعت ہوں ، حالانکہ حضرت محی الدین [جیلانی ۔ المتوفی ۵۶۱ھ] کا مقصود اسلامی تصوف کو عجمیت سے پاک کرنا تھا ۔''۶

غلو فی الزہد اور وحدۃ الوجود کے علاوہ اقبال نے مسئلۂ بروز کو بھی عجمی ایجاد کہا ہے ۔ ایک خط میں وہ لکھتے ہیں : ''جہاں تک مجھے معلوم ہے یہ مسئلہ [بروز] عجمی مسلمانوں کی ایجاد ہے اور اصل اس کی آرین ہے ۔''۷ یعنی یہ تمام تعلیمات بے عملی سکھاتی ہیں ۔ لیکن حضرت مجدد الف ثانیؒ اور اُن کے متبعین سے اقبال کو صرف اس لیے محبت ہے کہ وہ جوش اور ولولہ سکھاتے ہیں اور عمل و عزم کی دعوت دیتے ہیں ۔ حضرت مجددؒ کے متعلق ''بالِ جبریل'' میں انھوں نے کہا ہے کہ :

حاضر ہوا میں شیخِ مجدد کی لحد پر
وہ خاک کہ ہے زیرِ فلک مطلعِ انوار
اس خاک کے ذروں سے ہیں شرمندہ ستارے
اس خاک میں پوشیدہ ہے وہ صاحبِ اسرار
گردن نہ جھکی جس کی جہانگیر کے آگے
جس کے نفسِ گرم سے ہے گرمیٔ احرار
وہ ہند میں سرمایۂ ملت کا نگہبان
اللہ نے بر وقت کیا جس کو خبردار
کی عرض یہ میں نے کہ عطا فقر ہو مجھ کو
آنکھیں مری بینا ہیں ولیکن نہیں بیدار!
آئی یہ صدا سلسلۂ فقر ہوا بند
ہیں اہلِ نظر کشورِ پنجاب سے بیزار!
عارف کا ٹھکانا نہیں وہ خطہ کہ جس میں
پیدا کلۂ فقر سے ہو طرۂ دستار!
باقی کلۂ فقر سے تھا ولولۂ حق
طروں نے چڑھایا نشۂ 'خدمتِ سرکار!'

۶۔ ایضاً ، صفحہ ۷۸ - ۷۹ ۔
۷۔ ایضاً ، صفحہ ۳۱۹ - ۳۲۰ ۔

حضرت مجددؒ کے متبعین میں بیدل بھی تھے ۔ اُن کے متعلق اقبال لکھتے ہیں :

"بیدل کے کلام میں خصوصیت کے ساتھ حرکت پر زور ہے ۔ یہاں تک کہ اس کا معشوق بھی صاحبِ خرام ہے ۔ اس کے برعکس غالب کو زیادہ تر اطمینان و سکون سے اُلفت ہے ۔ ۔ ۔ ۔ نقشبندی سلسلے سے اور حضرت مجددِ الف ثانیؒ سے بیدل کی عقیدت کی بنیاد یہی ہے ۔ نقشبندی مسلک ، حرکت اور روحانیت پر مبنی ہے ۔"[۸]

اسی حرکت اور عشق سے متعلق "بانگِ درا" میں اقبال نے "مذہب" کے عنوان کے تحت بیدل کا یہ شعر تضمین کیا ہے :

ہر چند عقلِ کل شدۂ بے جنوں مباش　　باہر کمال اند کے آشفتگی خوش ست

بہرحال اقبال کو صرف ایسے لوگ پسند ہیں جن میں عمل کا جذبہ ہے اور جو راہبانہ زندگی سے بیزار ہیں ۔ انھوں نے افلاطون کو بھی اسی لیے پسند نہیں کیا کہ وہ وحدت اور کثرت کی بحث چھیڑ کر انسانی زندگی کو فنا کی تعلیم دیتا ہے ۔ مثنوی "اسرارِ خودی" میں وہ فرماتے ہیں کہ :

راہبِ دیرینہ افلاطوں حکیم　　از گروہِ گوسفندانِ قدیم
رخشِ او در ظلمتِ معقول گم　　در کہستانِ وجود افگندہ سم

* * *

گفت سرِ زندگی در مردن ست　　شمع را صد جلوہ از افسردن ست

* * *

گوسفندے در لباسِ آدم ست　　حکم او بر جانِ صوفی محکم ست

* * *

منکرِ ہنگامۂ موجود گشت　　خالقِ اعیانِ نامشہود گشت[۹]

۸۔ محمود نظامی ، مرتب ، "ملفوظات" ، ص ۱۲۲ ۔

۹۔ حکما کے درمیان بحث تھی کہ اشیاے کائنات کا علم انسان کو حاصل ہو سکتا ہے یا نہیں ۔ افلاطون اپنے استاد سقراط کی طرح کہتا تھا کہ یہ علم صرف کلیات (general ideas) ، تصوّرات (concepts) اور عالمگیر صداقتوں (universal truths) سے حاصل ہو سکتا ہے ، لیکن اشیا چونکہ ہر وقت متغیر ہوتی رہتی ہیں ، اس لیے اُن کا علم حقیقی اور اصلی نہیں ۔ [صرف اعیان (ideas) کا علم حقیقی ہو سکتا ہے ۔] اسی لیے دنیا میں جو کچھ نظر آتا ہے وہ لائقِ اعتبار نہیں ، یعنی افلاطون نے عالمِ موجودات کا انکار کیا اور عالمِ غیر محسوس کا اثبات کیا ۔ اُس کے اس فلسفے سے مسلمانوں کی قوتِ عمل افسردہ ہو گئی ۔

اسی چیز کو اقبال نے اپنے فلسفۂ خودی کے اجمالی خاکے میں جو انھوں نے ڈاکٹر نکلسن کے لیے تیار کیا تھا اس طرح بیان کیا ہے :

''۔ ۔ ۔ میری رائے میں انسان کا مذہبی اور اخلاقی منتہاے مقصود یہ نہیں ہے کہ وہ اپنی ہستی کو مٹا دے یا اپنی خودی کو فنا کر دے بلکہ یہ ہے کہ وہ اپنی انفرادی ہستی کو قائم رکھے، اور اس کے حصول کا طریقہ یہ ہے کہ وہ اپنے اندر بیش از بیش انفرادیت پیدا کرے ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تخلقو باخلاق اللہ ، یعنی اپنے اندر صفات الٰہیہ پیدا کرو ۔ پس انسان جس قدر خدا سے مشابہ ہوگا اُسی قدر اُس کے اندر شان یکتائی اور رنگ انفرادیت پیدا ہو جائے گا ۔''

اقبال صفات الٰہیہ کا حصول اسی لیے ضروری قرار دیتے ہیں کہ اس سے شان یکتائی پیدا ہو سکے اور انسان صحیح معنی میں خدا کی نیابت حاصل کر سکے جو اُس کا منصب ہے اور اُس خودی اور خود شناسی کو اپنائے جو دستور الٰہی کی اطاعت ، ضبط نفس اور نیابت الٰہی سے عبارت ہے ۔ نفی خودی اور فنا کا مسئلہ مغلوب اور محکوم قوموں کے لیے مخصوص ہے ۔ ''اسرار خودی'' کے شروع میں وہ رومی کے ان اشعار کو مشعل ہدایت سمجھتے ہیں :

دی شیخ با چراغ ہمی گشت گرد شہر
کز دام و دد ملولم و انسانم آرزوست
زین ہمرہان سست عناصر دلم گرفت
شیر خدا و رستم دستانم آرزوست
گفتم کہ یافت می نشود جستہ ایم ما
گفت آنکہ یافت می نشود آنم آرزوست

دنیا اور دین دونوں کی ہر منزل پر ایک رہبر کی ضرورت ہوتی ہے ۔ اقبال بھی ایک مرشد اور رہبر کو تلاش کرتے ہیں اور یہ ہستی اُنھیں رومی (المتوفی ۶۷۲ھ) کی ذات میں نظر آتی ہے جو زندہ رہنا سکھاتے ہیں ۔ وہ جگہ جگہ رومی کا ذکر کرتے ہیں :

مرشد رومی حکیم پاک زاد سرّ مرگ و زندگی بر ما کشاد

* * *

بیا کہ من ز خُم پیر روم آوردم
مئے سخن کہ جوان تر ز بادۂ عنبی ست

* * *

بوعلی اندر غبارِ ناقہ گم دستِ رومی پردۂ محمل گرفت
این فرو تر رفت و تا گوہر رسید آن بہ گردابے چوخس منزل گرفت

''جاوید نامہ'' میں جو روحانی سفر اقبال کو در پیش آتا ہے اُس میں رومی ہی کی روح سے رہبری حاصل ہوتی ہے اور ''بالِ جبریل'' کے آخر میں پیرِ رومی سے جو ہدایات حاصل کی گئی ہیں وہ اُن کی تمام تعلیمات کا خلاصہ ہے جس کا تعلق ''دانشِ برہانی'' سے نہیں بلکہ ''دانشِ نورانی'' سے ہے - ''جاوید نامہ'' میں اقبال کہتے ہیں :

کارِ حکمت دیدن و فرسودن ست کارِ عرفاں دیدن و افزودن ست
آں بسنجد در ترازوے ہنر این بسنجد در ترازوے نظر
آں بدست آورد آب و خاک را این بدست آورد جانِ پاک را

کارِ عرفان یا ''دانشِ نورانی'' کا تعلق عشق و وجدان سے ہے جہاں عقل گم ہو جاتی ہے اور ع بوعلی اندر غبار ناقہ گم - پیرِ رومی نے دوسرے صوفیہ کی طرح نفیِ خودی بے شک، کی ہے لیکن اس ''نیست'' کی مثال اس طرح دی ہے :

چون زبانۂ شمع پیشِ آفتاب نیست باشد ہست باشد در حساب
ہست باشد ذاتِ او تا تو اگر بر نہی پنبہ بسوزد زاں شرر
نیست باشد روشنی نہ دہد ترا کردہ باشد آفتاب او را فنا[۱۰]

یعنی شمع کا شعلہ آفتاب کے آگے ہست بھی ہے اور نیست بھی - ہست اس طرح ہے کہ شمع کے شعلے کو روئی دکھائی جائے گی تو وہ روئی جل جائے گی اور نیست اس طرح ہے کہ آفتاب کی موجودگی میں شمع کی لو روشنی کیا دے سکے گی ؟ اس مثال سے واضح ہے کہ رومی مطلق نفی کے قائل نہیں اور وہ تو عشق کو مقصودِ حیات سمجھتے ہیں کیونکہ اسی کی بدولت خفتہ صلاحیتیں پیدا ہوتی ہیں - وہ کہتے ہیں :

علتِ عاشق ز علتہا جداست عشق اصطرلابِ اسرارِ خداست

''میلاد آدم'' میں اقبال نے بھی اسی عشق کی سرشت اس طرح بیان کی ہے :

۱۰- پروفیسر ضیاء احمد بدایونی نے کتاب مذکور (ص ۴۰ بعد) میں اس موضوع پر تفصیل سے بحث کی ہے -

نعرہ زد عشق کہ خونین جگرے پیدا شد
حسن لرزید کہ صاحب نظرے پیدا شد
فطرت آشفت کہ از خاکِ جہانِ مجبور
خود گرے ، خود شکنے ، خود نگرے پیدا شد

"بالِ جبریل" میں اس طرح کہتے ہیں :

اپنی جولاں گاہ زیرِ آسماں سمجھا تھا میں
آب و ِ گل کے کھیل کو اپنا جہاں سمجھا تھا میں
عشق کی اک جست نے طے کر دیا قصہ تمام
اس زمین و آسماں کو بیکراں سمجھا تھا میں

پھر سب سے بڑی چیز جو اقبال کو رومی کے یہاں پسند ہے وہ اُن کی سخت کوشی کی تعلیم ہے - رومی کا یہ مصرع کس قدر بلیغ اور معنی خیز ہے :

کوششِ بیہودہ بہ از خفتگی

اقبال بھی مسلسل کوشش اور پیہم جستجو کو زندگی اور بیداری کے لیے ضروری سمجھتے ہیں - وہ کہتے ہیں :

ہے شباب اپنے لہو کی آگ میں جلنے کا نام
سخت کوشی سے ہے تلخِ زندگانی ، انگبیں
چیتے کا جگر چاہیے ، شاہیں کا تجسس
جی سکتے ہیں بے روشنیِ دانش و فرہنگ
نقش ہیں سب ناتمام خونِ جگر کے بغیر
نغمہ ہے سودائے خام خونِ جگر کے بغیر

* * *

زندگی در جستجو پوشیدہ است اصلِ او در آرزو پوشیدہ است
دل ز سوزِ آرزو گیرد حیات غیرِ حق میرد چو اوگیرد حیات

تصوف میں فقر و استغنا بھی بہت ضروری ہے - سوائے خدا کے کسی کا محتاج نہ ہونا ہی اصل فقر ہے جس پر حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے عمل کیا ہے - "الفقر فخری" اور "لی خرقتان الفقر والجہاد" اسی فقر کی تشریح ہے - صوفیہ کا بھی یہی معمول ہے کہ وہ سوائے اللہ کے کسی کے آگے ہاتھ نہیں پھیلاتے - اقبال بھی کہتے ہیں :

آنکہ خاشاکِ بتاں از کعبہ رُفت　　مردِ کاسب را حبیب اللہ گفت
وائے بر منت پذیرِ خوانِ غیر　　گردنش خم گشتۂ احسانِ غیر

* * *

دارا و سکندر سے وہ مردِ فقیر اولیٰ
ہو جس کی فقیری میں بوئے اسداللہی
گدائے میکدہ کی شانِ بے نیازی دیکھ
پہنچ کے چشمۂ حیواں پہ توڑتا ہے سبو
فقر مقامِ نظر ، علم مقامِ خبر
فقر میں مستی ثواب ، علم میں مستی گناہ

مختصر یہ کہ اقبال نے نام نہاد تصوف سے انکار کیا ہے لیکن ایسے تصوف اور ایسے صوفی کے لیے سفارش کی ہے جو مشتِ خاک کو کیمیا بنا سکے :

کیمیا پیدا کن از مشتِ گلے　　بوسہ زن بر آستانِ کاملے

محمد اقبال

اسلام اور علوم جدیدہ*

۔ ۔ ۔ میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ اسلام مغربی تہذیب کے تمام عمدہ اصولوں کا سرچشمہ ہے ۔ پندرھویں صدی عیسوی میں جب سے کہ یورپ کی ترقی کا آغاز ہوا ، یورپ میں علم کا چرچا مسلمانوں کی یونیورسٹیوں سے ہوا تھا ۔ ان یونیورسٹیوں میں مختلف ممالک یورپ کے طلبہ آ کر تعلیم حاصل کرتے اور پھر اپنے اپنے حلقوں میں علوم و فنون کی اشاعت کرتے تھے ۔ کسی یورپین کا یہ کہنا کہ اسلام اور علوم یک جا نہیں ہو سکتے سراسر ناواقفیت پر مبنی ہے اور مجھے تعجب ہے کہ علوم اسلام اور تاریخ اسلام کے موجود ہونے کے باوجود کوئی شخص کیونکر کہہ سکتا ہے کہ علوم اور اسلام ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتے ۔ بیکن [Bacon] ، ڈی کارٹ [Descarte] اور مل [Mill] یورپ کے سب سے بڑے فلاسفر مانے جاتے ہیں جن کے فلسفہ کی بنیاد تجربہ اور مشاہدہ پر ہے ، لیکن حالت یہ ہے کہ ڈی کارٹ کا میتھڈ (اصول) امام غزالی کی احیاء العلوم میں موجود ہے ، اور ان دونوں میں اس قدر تطابق ہے کہ ایک انگریزی مورخ نے لکھا ہے کہ اگر ڈی کارٹ عربی جانتا ہوتا تو ہم ضرور اعتراف کرتے کہ ڈی کارٹ سرقہ کا مرتکب ہوا ہے ۔ راجر بیکن خود ایک اسلامی یونیورسٹی کا تعلیم یافتہ تھا ۔ جان اسٹوارٹ مل نے منطق کی شکل اول پر جو اعتراض کیا ہے ، بعینہ وہی اعتراض امام فخرالدین رازی نے بھی کیا تھا ۔ اور مل فلسفہ کے تمام بنیادی اصول شیخ بو علی سینا کی مشہور کتاب شفا میں موجود ہیں ۔ غرض یہ کہ تمام وہ اصول جن پر علوم جدیدہ کی بنیاد ہے مسلمانوں کے فیض کا نتیجہ ہیں ۔ بلکہ میرا دعوے ہے کہ نہ صرف علوم جدیدہ کے لحاظ سے بلکہ انسان کی زندگی کا کوئی پہلو اور اچھا پہلو ایسا نہیں جن پر اسلام نے بے انتہا روح پرور اثر نہ ڈالا ہو ۔

*علامہ کی تقریر ''اسلام اور علوم جدیدہ'' سے اقتباس ، جو انھوں نے محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس منعقدہ ۱۹۱۱ میں بحیثیت صدر جلسہ کی (سید عبدالواحد معینی ، مرتب ، ''مقالات اقبال'' (لاہور : شیخ محمد اشرف ، ۱۹۶۳) ، صفحات ۲۳۹-۲۴۰ ۔

سمیع اللہ قریشی

کلامِ اقبال میں حسینؓ اور شہادتِ حسینؓ کا مقام

شاعری میں اقبال کے بے شمار اوصاف میں سے ایک نمائندہ وصف یہ ہے کہ ان کے ہاں مستعمل بیشتر استعارے اور علامتیں اپنا اسلامی پس منظر رکھتے ہیں اور ان کی جڑیں اسلام کے آفاقی نظریۂ حیات سے غذا حاصل کرتی ہیں - یہی استعارے اور علامتیں اقبال کی فکر میں عالمگیر انسانی قدروں میں ڈھل کر خود اقبال کو ایک آفاقی انسانی شاعر کا درجہ عطا کرتی ہیں - وہ تمام وجود ، جو اسلام کا ورثہ تھے اور جنھوں نے اسلام کو خوب صورت بنایا ، اقبال کو ہمیشہ محبوب رہے - اقبال کی شاعری میں یہ ہستیاں بھی ایسی اقدار کا حکم رکھتی ہیں جو کسی ایک طبقے یا خطے کے جسمانی اور ذہنی ارتقا کی ذمہ دار نہ تھیں بلکہ تمام تر انسانیت اور پوری دنیا کو کئی قدم آگے لے جانے کا باعث ہوئیں - چنانچہ ان کا وجود اور ان کا قول و فعل کسی ایک قوم یا خطے کی پہچان نہیں بلکہ اقوامِ عالم اور تمام خطۂ ارضی ان پر ناز کر سکتے ہیں ، اس لیے کہ مسلمہ انسانی اقدار کی محافظت اور بحالی میں ان کی کوششوں کو بھی دخل تھا - اقبال کا کارنامہ یہ ہے کہ انھوں نے ذہن اور ضمیر کو مصلحت اور خوف کی زنجیروں سے آزادی دلانے والی مسلمان ہستیوں کو اپنے شعر کے حوالے سے دنیا بھر کے فکری سرمائے کا حصہ بنا دیا - ان محسنینِ انسانیت ہستیوں میں سے ایک حسین ہے جو اقبال کی فکر میں ایک نام ہی نہیں ، ایک نہ مٹنے والی قدر بھی ہے -

اقبال نے اپنے افکار میں حق کو دینِ حق یعنی اسلام کے مترادف قرار دیتے ہوئے دینِ حق کو حسین کی قربانی سے زندہ و پائندہ قرار دیا ہے - ان کے کلام میں قوتِ شبیری اور حسین کے الفاظ محض ناموں کی حیثیت ہی سے نہیں بلکہ حق و حریت کے لیے آفاقی علامتوں کے طور پر بھی استعمال ہوئے ہیں :

زندہ حق از قوتِ شبیری است باطل آخر داغِ حسرت میری است

حسین اقبال کی نظر میں صبر و ثبات کی تصویر اور عزم و استقلال کا پیکر تھے ۔ انھوں نے راہِ حق میں وفاداری اور جاں بازی کی ایک زندۂ جاوید روایت قائم کی تھی ۔ ان کی پاک سیرت کی انہی خصوصیات کی بنا پر اقبال نے انھیں اپنی فکر کا موضوع بنایا ۔ وہ تمام عمر عشقِ رسولؐ کو اپنا سرمایہ سمجھا کیے ۔ ذکرِ حسین کو بھی انھوں نے اپنی اسی واردات کا ایک حصہ خیال کیا ۔ اقبال کو خانوادۂ رسول کے ہر فرد سے بے پناہ محبت تھی ۔ اس محبت کو وہ جزوِ ایمان خیال کرتے تھے ۔ ان کی نظر اگر معیاری ماں کی تلاش کے لیے اٹھتی ہے تو حضرت فاطمۃ الزہرارضؓ ہی پر آ کے ٹھہرتی ہے ۔ انھیں یقین ہے کہ خدا کی ذات سے مسلمان عورت کو تربیتِ اولاد کے لیے جو اعلیٰ و ارفع جذبے عطا ہوتے ہیں ان کا مثالی مظہر ذاتِ فاطمہرضؓ ہے ۔ مسلمان ماں کو جو پیغام بھی انھوں نے دیا ہے حضرت فاطمہرضؓ ہی کے حوالے سے دیا ہے جس نے حسین جیسی قد آور شخصیت کو جنم دے کر ہر دور کے لیے گویا اسلام کی نشأۃ ثانیہ کے سامان کر دیے ۔ وہ نسائیت کے لیے اسوۂ کاملہ ہیں ۔ اقبال کی آنکھ عالمِ نسواں میں عورت سے پرے خاتونِ جنت کو دیکھتی ہے اور انہی کی ذات میں صحیح اموست پاتی ہے :

از اموست گرم رفتارِ حیات   از اموست کشفِ اسرارِ حیات
سیرتِ فرزندہا از امہات   جوہرِ صدق و صفا از اُمہات
مزرعِ تعلیم را حاصل بتول   مادراں را اسوۂ کامل بتول
فطرتِ تو جذبہ ہا دارد بلند   چشمِ ہوش از اسوۂ زہرا مبند
تا حسینے شاخ تو بار آورد   موسمِ پیشیں بگلزار آورد

اور قوم کی بیٹیوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہتے ہیں :

اگر پندے ز درویشے پذیری   ہزار امت بمیرد تو نہ میری
بتولے باش و پنہاں شو ازیں عصر   کہ در آغوش شبیرے بگیری

حسین نے انسان کی تاریخ کو اپنے جس کارنامے سے اعزاز بخشا وہ بہت پہلودار ہے ۔ اس کا ایک رخ یہ بھی ہے کہ انھوں نے اپنے کردار و عمل سے فاطمہرضؓ کی آغوش کا وقار قائم کیا اور اپنی عظیم ماں کی تربیت پر حرف نہ آنے دیا ۔ انھوں نے صالح اولاد ہونے کا حق ادا کر دیا اور دشتِ کربلا میں غلط سوچ اور غلط سیادت کے خلاف سینہ سپر ہو کر اس طرح اثباتِ حق کیا کہ قیامت تک نوجوانوں کے لیے دلیلِ راہ بن گئے ۔ اقبال کو ان کے کردار میں سعیٔ پیہم ، طلبِ صادق اور اخلاصِ عمل ، مقصدِ حیات سے وفاداری اور بے لوث

قربانی کی اقدار زندہ و پائندہ نظر آئیں تو انھوں نے بے اختیار کہا :

زندگی محکم ز تسلیم و رضا است — موت نیرنگِ طلسم و سیمیا است
ہر زماں میرد غلام از بیمِ مرگ — زندگی اُو را حرام از بیمِ مرگ
بندۂ آزاد را شانے دگر — مرگِ اُو را می دہد جانے دگر
مردِ مومن خواہد از یزدانِ پاک — آں دگر مرگِ کہ برگیرد ز خاک
آں دگر مرگ انتہائے راہِ شوق — آخریں تکبیر در جنگاہِ شوق
گرچہ ہر مرگ است بر مومن شکر — مرگِ پورِ مرتضیٰ چیزے دگر
جنگِ مومن چیست؟ ہجرت سوئے دوست — ترکِ عالم اختیار کوئے دوست

اور کہا :

آن امامِ عاشقاں پورِ بتول — سروِ آزادے ز بستانِ رسولؐ
بہر آں شہزادۂ خیر الملل — دوشِ ختم المرسلیں نعم الجمل
سرخرو عشقِ غیور از خونِ او — شوخیٔ ایں مصرعہ از مضمونِ او
درمیانِ امت آں کیواں جناب — ہمچو حرفِ قل ھو اللہ در کتاب
سرِّ ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ بود
یعنی آں اجمال را تفصیل بود

اقبال کے نزدیک عشق ہمیشہ حسین اور حسین جیسی اقدارِ حیات کا قائم مقام رہا :

صدق خلیل بھی ہے عشق ، صبرِ حسین بھی ہے عشق
معرکۂ وجود میں بدر و حنین بھی ہے عشق

یہ اس لیے کہ عشق کی حرارت کے بغیر کارزارِ حیات میں معجزے برپا کرنے کے لیے انسانی رگوں میں خون نہیں دوڑتا اور جاں سپاری اور جاں نثاری کی جرأت نصیب نہیں ہوتی ، نہ ہی آزادیٔ فکر و نظر کے متوالے سر پر کفن باندھنے کا عزم کرتے ہیں :

عقل و دل و نگاہ کا مرشدِ اوّلیں ہے عشق
عشق نہ ہو شرع و دیں بتکدۂ تصوّرات

درست اور نا درست کا معرکہ عشق کے حربے سے جیتا جاتا ہے ، کیونکہ عشق سراپا عمل ہونے کا نام ہے ۔ عشق اور ایمان گویا عمل اور ایمان ہیں اور

لازم و ملزوم ہیں :

مومن از عشق است و عشق از مومن است
عشق را ناممکن ما ممکن است
عشق را آرام جاں حریت است
ناقہ اش را سارباں حریت است

عشق سنت ابراہیمی ہے کہ آتش نمرود میں بے خطر کود پڑا اور رضائے الٰہی کو پا گیا ، یا پھر آتش کدۂ کربلا میں حسین کو یہی توفیق حاصل ہوئی اور وہ اس امتحان میں پورے اترے ۔ مگر حسین کو ابراہیم کا عشق اور صدق دونوں نصیب ہوئے ۔ حسین کا عشق دونوں قدروں کا اجتماع ہے ۔ تاہم اقبال نے ان ساری علامتوں کو ایک لفظ عشق میں سمیٹا ہے اور عشق کو فکر و عمل کی دنیا میں بالکل نئے معانی عطا کیے ہیں ۔ اقبال عشق کو ایمان اور عمل سے مملو ایک ایسی کیفیت سے تعبیر کرتے ہیں جو بے کنار ہے اور جس کی کوئی حدود نہیں اور جو رضائے الٰہی کے حصول کا ایک بہت بڑا ذریعہ ہے ۔ عشق راستی کا علمبردار ہے اور رحم و کرم ، حق گوئی و بے باکی اور عزم و یقیں اس کے مشمولات ہیں ۔ اس کے مقابلے میں مجرد عقل ہوا کی طرح سستی اور محض اسباب و علل پر قائم ہے ، ہمیشہ کی نمائشیت پسند ہے ۔ عشق نمائش سے گریزاں رہ کر مصروف عمل رہتا ہے اور ناممکن کو ممکن بنا دیتا ہے ۔ اقبال حسین کو اسی عشق بلا خیز کی معراج قرار دیتے ہیں اور یہ واقعہ ہے کہ حسین عالی مقام پروردگار کے سچے عاشقوں کے امام تھے جنھوں نے دشت کربلا میں اپنے ہمراہیوں ، عزیزوں حتیٰ کہ نوخیز بچوں کی قربانی دے دی اور سب سے آخر میں صرف اور صرف رضائے الٰہی کے حصول کی خاطر اپنی جان بھی خدا تعالیٰ کے حضور میں پیش کر دی اور رسول ؐ کی حرمت کو بچا لیا ۔ اقبال اُن کی بے مثال قربانی کو و فدیناہ بذبح عظیم کی آیت قرانی کا مصداق قرار دیتے ہیں اور کہتے ہیں :

اللہ اللہ بائے بسم اللہ پدر معنیٔ ذبح عظیم آمد پسر

کربلا کی شہادت ہی اولاد ابراہیم کی ذبح عظیم تھی ۔ ابوالکلام آزاد نے کہا :

''حقیقت جس کا حضرت اسمٰعیل ؑ کی ذات سے ظہور ہوا تھا وہ بتدریج ترقی کرتی ہوئی حضرت یحییٰ ؑ کی ذات تک پہنچ کر گم ہو گئی تھی ۔ اس کو حضرت حسین رض نے اپنی سرفروشی سے مکمل کر دیا ۔''

غریب و سادہ و رنگیں ہے داستانِ حرم
نہایت اس کی حسینؓ ابتدا ہے اسمٰعیلؑ

حرم کی داستان ربوبیت اور عبودیت سے عبارت ہے ۔ اسمٰعیلؑ نے ایثار کا اور اطاعت کا ایک بے مثال نمونہ انسانیت کے سامنے رکھا ہے جسے اسلام کی اساس بننے کی توفیق عطا ہوئی ۔ صدہا سالوں کے فاصلے کے بعد جب ایک دفعہ پھر اسمٰعیلؑ کے جذبۂ ایثار و اطاعتِ حق کی تجدید کا موقع پیدا ہوا تو یہ رتبۂ بلند حسین کے حصے میں آیا اور کچھ اس طرح آیا کہ سقراط اور مسیحؑ کی قربانیاں بھی اِس کے مقابلے میں دھندلا گئیں ۔ حسین کے تسلیم و رضا کی مثال داستانِ حرم کے سلسلے کی آخری کڑی تھی ، اگرچہ امتِ مسلمہ کے لیے اس کے بعد خدا ، ملک و قوم اور حق کی خاطر قربان ہونے کا ارادہ ختم ہو کر نہیں رہ جاتا بلکہ نئی تازگی حاصل کرتا ہے ۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ حسین کا لافانی کردار آئندہ کے لیے دائرۂ اِمکان سے باہر ہو گیا ہے ، کیونکہ افقِ حریت و جرأت پر اسمٰعیلؑ کے ایثار کا علم ، حسین کے تسلیم و رضا نے ، آسمان کی رفعتوں تک پہنچا دیا ۔

اسلامی تہذیب و تمدن میں جو مرکزیت توحید کو حاصل ہے کچھ ویسی ہی علامتی حیثیت درمیانِ اُمت حسین کو حاصل ہے ۔ اگر قرآن کی حکمتوں کا مدار نکتۂ توحید پر ہے ، تو امت کی ہر لحظہ نمو پذیری کا مدار ذاتِ حسین کی لازوال قربانی پر ہے ۔ حق و باطل کی آویزش آغازِ حیات ہی سے انسانی تاریخ کا حصہ رہی ہے ۔ یہ دونوں قوتیں قالب بدل بدل کر آمنے سامنے رزم آرا رہی ہیں اور رہیں گی ، آدم و ابلیس ، ہابیل و قابیل ، ابراہیم و نمرود اور پھر :

موسیٰ و فرعون و شبیر و یزید این دو قوت از حیات آمد پدید

اور

ستیزہ کار رہا ہے ازل سے تا امروز چراغِ مصطفویؐ سے شرارِ بولہبی

مگر حق ہمیشہ چراغِ مصطفوی اور قوتِ شبیری کے طفیل زندہ رہا ہے ۔ تاریخ شہادت دیتی ہے کہ خلافت نے بہت جلد قرآن اور سنت سے اپنا رشتہ ختم کر لیا اور ملوکیت کی نہج پر آ گئی ۔ یوں فرد کی آزادی کے حلقوم میں زہر ٹپکایا گیا اور عوام کے حقوق غصب ہونے لگے ۔ تب حسین وہ اکیلا شخص تھا جو قوم پر اس صریح ظلم کو برداشت نہ کر سکا اور ابرِ رحمت بن کر آگے آیا ۔ اس نے کربلا کے دشت سے امتِ مسلمہ کی ہر آنے والی نسل پر حریتِ فکر و ضمیر

کی رحمتوں کی بارش برسائی اور اس بے آب و گیاہ زمین کو اپنے پاک خون سے رنگین کر کے مسلمان کے دل میں ہمیشہ کے لیے آزادی کی جوت جگا گیا ۔ نظریاتی سرحدوں کی حفاظت کرتے ہوئے ظلم اور جبر کے خلاف سید الشہدا نے اپنی جان قربان کر دی ۔ مسلمانوں میں یہ سعادت عظمیٰ صرف حسینؑ کو نصیب ہوئی کہ انھوں نے خلافت راشدہ کے تقدس کو اپنی ، اپنے اہل و عیال اور جان نثار احباب کی اجتماعی قربانی دے کر کربلا کے دشت میں اذیت ناک حالات کو برداشت کرتے ہوئے زندۂ جاوید کر دیا :

چوں خلافت رشتہ از قرآں گسیخت حریت را زہر اندر کام ریخت
خاست آں سر جلوۂ خیرالامم چوں سحاب قبلہ باراں در قدم
بر زمین کربلا بارید و رفت لالہ در ویرانہ ہا کارید و رفت
تا قیامت قطع استبداد کرد موج خون او چمن ایجاد کرد

حسینؑ انسانی ضمیر کی جد و جہد کے لیے علامت بن گئے ہیں :

در نوائے زندگی سوز از حسینؑ اہل حق حریت آموز از حسینؑ
حریت زاد از ضمیر پاک او این مئی نوشیں چکید از تاک او
بہر حق در خاک و خون غلطیدہ است پس بنائے لا الٰہ گردیدہ است

اعلائے کلمۃ الحق کی خاطر تمام چھوٹے بڑے مرد و عورت اور بچوں سمیت مدینہ سے روانگی کو ہرگز ہرگز حصول سلطنت کی نیت نہیں کہا جا سکتا ۔ کیا بے سروسامانی کی حالت میں جاگیروں پر ضرب کاری لگائی جا سکتی ہے اور سلطنتوں پر قبضے ہو سکتے ہیں ؟ اقبال نے کہا :

مدعائش سلطنت بودے اگر خود نکردے با چنیں ساماں سفر

حسینؑ کے دشمنوں کی تعداد صحرا کے ذروں کی طرح اَن گنت تھی اور حسینؑ کے ساتھی تعداد میں بہت کم تھے :

دشمناں چوں ریگ صحرا لا تُعَدّ[^] دوستان او بہ یزداں ہم عدد

حسینؑ کا عزم پہاڑوں کی مثال محکم تھا :

عزم او چوں کوہساراں استوار پائیدار و تند سیر و کامگار
تیغ بہر عزت دین است و بس مقصد او حفظ آئین است و بس

حسینؑ نے اپنے عمل سے ثابت کر دیا کہ مسلمان صرف خدا ہی کی بندگی کر سکتا ہے ۔ خدا کے سوا وہ کسی بڑی سے بڑی طاقت کے سامنے بھی سر تسلیم خم

نہیں کر سکتا ۔ انھوں نے غلط نظریات اور باطل پرست قوتوں کے سامنے جھکنے سے انکار کر دیا ، اور فلسفۂ شہادت کی تفسیر دشتِ کربلا میں اپنے خون سے لکھ دی ۔ اسلام کے اساسی اصولوں کی حفاظت کی خاطر حسین نے اپنی جان کی بھی پروا نہ کی ۔ ان کی شہادت نے قوم کے سوئے ہوئے ضمیر کو قیامت تک کے لیے بیدار کر دیا :

ماسوا اللہ را مسلماں بندہ نیست   پیشِ فرعونے سرش افگندہ نیست
خون او تغسیر ایں اسرار کرد   ملتِ خوابیدہ را بیدار کرد

حسین کی قربانی دینے کے انداز کو اقبال بہت ہی بلیغ انداز میں پیش کرتے ہیں ۔ ان کے اشعار حسین کی کوہِ وقار ذات کو ایک خراجِ تحسین ہے ۔ حسین کو رہتی دنیا تک یہ امتیاز حاصل رہے گا کہ انھوں نے ماسوا کی نفی کی ۔ تلوار سے دشتِ کربلا کی ریگِ رواں پر توحید کا ایسا نقش ثبت کر دیا جسے کوئی بھی یزیدی حربہ کبھی نہ مٹا سکے گا :

تیغِ لا ، چوں از میاں بیروں کشید   از رگِ اربابِ باطل خوں کشید
نقش الا اللہ بر صحرا نوشت   سطرِ عنوانِ نجاتِ ما نوشت
رمزِ قرآن از حسین آموختیم   ز آتشِ او شعلہ ہا اندوختیم

اقبال کہتے ہیں کہ شوکتِ شام ، عظمتِ بغداد اور سطوتِ غرناطہ ، سب بجا مگر وہ سب قصہ ہائے پارینہ ہو کر رہ گئے اور وہ ایک کارنامہ جسے قوم کبھی اپنے دلوں سے محو نہ کر سکے گی دشتِ کربلا میں گونجی ہوئی حسین کی تکبیر اعلائے کلمۃ الحق ہے ۔ آج ہی نہیں ، ہر دور کے مسلمان کے ایمان کی تازگی کا سامان اسی میں ہے :

تازہ از تکبیرِ او ایماں ہنوز

اور فرمایا :

حقیقتِ ابدی ہے مقامِ شبیری   بدلتے رہتے ہیں اندازِ کوفی و شامی

اور :

فقر چوں عریاں شود زیرِ سپہر   از نہیبِ او بلرزد ماہ و مہر
فقرِ عریاں گرمئی بدر و حنین   فقرِ عریاں بانگِ تکبیرِ حسین
فقرِ او تا ذوقِ عریانی نماند   آں جلالِ اندر مسلمانی نماند

یہ بھی کہا :

اک فقر سکھاتا ہے صیاد کو نخچیری — اک فقر سے کھلتے ہیں اسرار جہانگیری
اک فقر ہے شبیری اس فقر میں ہے میری — میراث مسلمانی سرمایۂ شبیری

ملت کے افراد میں حسینی صفات کا عنقا ہو جانا ایک بہت بڑا حادثہ ہوگا۔ حسین کی روح اس باب میں بھی شرمندہ نہ ہونی چاہیے۔ اقبال اس پر نوحہ کرتے ہیں :

ریگ عراق منتظر کشت حجاز تشنہ کام
خون حسین باز دہ کوفہ و شام خویش را

* * *

قافلۂ حجاز میں ایک حسین بھی نہیں
گرچہ ہے تابدار ابھی گیسوئے دجلہ و فرات

اپنی ملت کو صلائے عام دیتے ہیں :

نکل کر خانقاہوں سے ادا کر رسم شبیری

اقبال جہاں سلطان شہید فتح علی ٹیپو کا مرثیہ کہتے ہوئے اس کی سادگی اور حق پر مر مٹنے کی عادت کا ذکر کرتے ہیں، وہاں اسے مسلک شبیر پر گامزن قرار دیتے ہیں ۔ عشق رسولؐ کی برکت سے سلطان شہید سیدالشہدا امام حسین کے جذبۂ ایثار و قربانی کا وارث قرار پاتا ہے :

از نگاہ خواجۂ بدر و حنین — فقر سلطاں وارث جذب حسین

مسلمانوں کی تاریخ انفرادی اور اجتماعی قربانیوں سے عبارت ہے :

گرمیٔ ہنگامۂ بدر و حنین — حیدر و صدیق و فاروق و حسین

لیکن اقبال کے نزدیک قربانی کا جو معیار حسین نے پیش کر دیا وہ تا ابد سنگ میل ثابت ہوگا اور قوم کی حیات تازہ کے سامان اس وقت تک نہیں ہو سکتے جب تک اس قوم کا ہر فرد اس نکتے کو نہیں پا لیتا کہ قوم کی کشت ویراں کو خون شبیر سے سیراب کرنا ہوگا :

قلندر میل تقریرے نہ دارد — بجز ایں نکتہ اکسیرے نہ دارد
ازاں کشت خرابے حاصلے نیست — کہ آب از خون شبیرے نہ دارد

اقبال حسین کی آفاق اور ہمہ گیر صفات کے والہ و شیدا تھے، اس لیے کہ یہی

صفات ہیں جو مسلمان تو کیا ساری انسانیت کے لیے دلیلِ راہ بن سکتے ہیں ۔
رومی کی زبان میں یہی مسلک زوال آمادہ قوم کی فلاح کا ضامن ہے :

تیر و سناں و خنجر و شمشیرم آرزوست
با من میا کہ مسلکِ شبیرم آرزوست

کربلا پر قیامت گزر جانے کے بعد جب حسین کا لٹا پٹا قافلہ اس مقام سے گزرا جہاں حسین اور دوسرے تمام شہدا کی لاشیں بے گور و کفن میدانِ کربلا میں ریزہ ریزہ پڑی تھیں ، تو قافلے میں کہرام برپا ہو گیا ۔ زینب نے روتے ہوئے روحِ محمدؐ کو آواز دے کر کہا :

''اے محمد ! جن پر ملائک آسمان سے درود بھیجتے ہیں ، دیکھیے ، یہ حسین خاک و خون میں آلودہ ٹکڑے ٹکڑے چٹیل میدان میں پڑا ہے ۔ آپ کی بیٹیاں قیدی ہیں ۔ آپ کی اولاد مقتول ہے اور ہوا اُن پر خاک اڑا رہی ہے ۔"

یہ منظر اقبال کی نظر میں پھر جاتا ہے اور وہ بے ساختہ کہتے ہیں :

اے صبا ، اے پیکِ دور افتادگاں
اشکِ ما بر خاکِ پاک او رساں

فلسطین رپورٹ

میو روڈ لاہور
۲۰ جولائی ۱۹۳۷

مائی ڈیر مس فارقوہرسن

۔ ۔ ۔ ۔ میرے خیال میں اب وقت آ گیا ہے کہ نیشنل لیگ آف انگلینڈ وقت شناسی کا ثبوت دے اور اہلِ برطانیہ کو عربوں کے خلاف جن سے برطانوی سیاست دانوں نے اہلِ برطانیہ کے نام سے حتمی وعدے کیے تھے ناانصافی کے ارتکاب سے بچانے ۔ ۔ ۔ ۔ پرنس محمد علی مصری نے ایک معقول تعمیری تجویز پیش کی ہے جو ہر طرح اہلِ برطانیہ کے لیے لائقِ توجہ ہے ۔ ہمیں یہ کبھی بھی فراموش نہ کرنا چاہیے کہ فلسطین انگلستان کی کوئی ذاتی جائداد نہیں ۔ فلسطین تو انگلستان کے پاس جمیعۃ الاقوام کی طرف سے زیرِ انتداب ہے اور مسلم ایشیا لیگ آف نیشنز کو انگریزوں اور فرانسیسیوں کا ایک ایسا ادارہ سمجھتا ہے جسے انھوں نے کمزور مسلم سلطنتوں کے علاقوں کی تقسیم کے لیے وضع کر رکھا ہے ۔

فلسطین پر یہودیوں کا بھی کوئی حق نہیں ۔ یہودیوں نے تو اس ملک کو رضا مندانہ طور پر عربوں کے فلسطین پر قبضہ سے بہت پہلے اسے خیر باد کہ دیا تھا ۔

صیہونیت بھی کوئی مذہبی تحریک نہیں ۔ علاوہ اس امر کے کہ مذہبی یہودیوں کو صیہونیت سے کوئی دلچسپی نہیں ، خود فلسطین رپورٹ نے اس امر کو روزِ روشن کی طرح واضح کر دیا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

بحیثیتِ مجموعی رپورٹ کا منشا مقاماتِ مقدسہ کا عربوں سے بجبر مستقل انتداب کی صورت میں جو کمیشن نے برطانوی سامراجی ہوس کی پردہ پوشی کے لیے وضع کیا ہے خرید لینا ہے ۔ اس فروخت کی قیمت عربوں کے لیے تھوڑا سا روپیہ اور ان کی سخاوت و مردانگی کا ایک قصیدہ اور یہودیوں کا ایک علاقہ پر قبضہ ہے ۔ مجھے اُمید ہے کہ برطانوی مدبرین عربوں کے خلاف صریح عناد کی پالیسی سے دستکش ہو کر ان کا ملک ان حوالے کر دیں گے ۔ ۔ ۔ ۔

آپ کا مخلص
محمد اقبال*

*منقول از شیخ عطاء اللہ ، مرتب ، ''اقبال نامہ'' (شیخ محمد اشرف ، لاہور) ، حصۂ اول ، صفحات ۴۴۵-۴۴۶ ۔

عبدالقوی دسنوی

ہندوستان میں اقبالیات

اردو میں اشاریہ سازی کا کام ابھی بہت کم ہوا ہے اور جو کچھ ہوا ہے وہ محض انفرادی کوششوں اور دلچسپیوں کا نتیجہ ہے - میر تقی میر ، انیس ، غالب ، شبلی ، مولوی عبدالحق ، مولانا ابوالکلام آزاد اور نیاز فتح پوری وغیرہ سے متعلق اشاریے گاہے گاہے مختلف رسائل میں شائع ہوئے ہیں - سید سلیمان ندوی ، امتیاز علی عرشی ، مالک رام ، مسعود حسین رضوی ادیب اور سید عابد حسین کی تحریروں کے اشاریے بھی شائع کیے گئے ہیں - بعض رسائل کے مضامین کے اشاریے بھی مرتب ہو کر منظر عام پر آئے ہیں - البتہ یہ دیکھتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ غالب ، انیس اور اقبال سے متعلق اشاریے کتابی صورت میں شائع ہوئے ہیں - "غالبیات"[1] غالب سے متعلق پہلا اشاریہ کتابی شکل میں ہے جس کی اشاعت جنوری ۱۹۶۹ میں ہوئی ہے جس میں جون ۱۹۶۸ تک شائع شدہ غالب سے متعلق تحریروں کے حوالے درج ہیں - دوسری کتاب "غالب ببلوگرافی"[2] علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے ۱۹۷۲ میں شائع ہوئی ہے جو ۱۹۷۱ تک غالب سے متعلق مضامین ، کتابوں ، غالب نمبروں کا اشاریہ ہے - پاکستان سے غالب کے سلسلے میں پہلا اشاریہ "غالب نما"[3] ہے جس میں ۱۹۴۷ سے ۱۹۶۸ تک پاکستان میں شائع شدہ غالب سے متعلق تحریروں کے حوالے درج ہیں - "اشاریۂ غالب"[4] کی اشاعت ۱۹۶۹ میں ہوئی ہے - یہ کتاب غالب کی تصانیف ، خطوط ، اشعار اور بعض دوسری تحریروں اور ترجموں کا نہایت اچھا اشاریہ ہے - یہ دراصل پہلی جلد ہے - دو اور جلدیں غالب سے متعلق تحریروں پر مشتمل شائع ہونے والی ہیں - انیس کے سلسلے میں "ماہ نو" کراچی کے انیس نمبر میں ضمیر اختر نقوی کا اشاریہ "گنجینۂ انیس" شائع ہوا

۱- مرتب عبدالقوی دسنوی -
۲- مرتب محمد انصار اللہ -
۳- مرتب ابن حسن قیصر -
۴- مرتب سید معین الرحمٰن -

ہے جس کی بڑی اہمیت ہے ۔ انیس سے متعلق تحریروں کا اشاریہ ''انیس نما''۵ کی اشاعت ۱۹۷۳ میں کتابی صورت میں ہوئی ہے ۔ ۱۹۷۱ میں ایک اور اشاریہ ''سرسید احمد خاں ــ منتخب کتابیات''۶ علی گڑھ یونیورسٹی سے شائع ہوا ہے ۔

علامہ اقبال سے متعلق اشاریہ سازی کا کام پاکستان میں شروع ہوا ہے ۔ اس سلسلے میں سب سے پہلی کتاب ''اقبالیات کا تنقیدی جائزہ'' از قاضی احمد میاں اختر جوناگڑھی ۱۹۵۵ میں اقبال اکادمی کراچی* سے شائع ہوئی ہے ۔ اسی سال عبدالغنی اور خواجہ نور الٰہی کی مرتب کردہ *Bibliography of Iqbal* بزمِ اقبال لاہور نے شائع کی ہے ۔ ''کلید اقبال'' کے نام سے ملک نذیر احمد کی کتاب اردو اکیڈمی بہاول پور سے شائع ہوئی ہے ۔ اس کتاب کا سن اشاعت کہیں درج نہیں ہے ۔ ۱۹۶۲ میں خواجہ عبدالوحید کی کتاب *Bibliography of Iqbal* اقبال اکادمی کراچی کی طرف سے منظرِ عام پر آئی ہے ۔ فروری ۱۹۶۷ میں اقبالیات کے ماہر سید عبدالواحد صاحب کی کتاب *Studies in Iqbal* شائع ہوئی ہے ۔ اس کتاب کے آخر میں اقبال سے متعلق B bliography دی گئی ہے ۔ سید عبدالواحد صاحب نے مختلف ، زبانوں اُردو ، سندھی ، ہندی ، عربی ، فارسی ، جرمنی ، ترکی ، انگریزی ، فرانسیسی ، روسی ، اطالوی ، میں اقبال سے متعلق کاموں کا جائزہ لیا ہے اور صرف انہی تحریروں کو اس میں جگہ دی ہے جن میں نئی بات کہی گئی ہے ۔ اس اعتبار سے اقبالیات کے سلسلے میں یہ اشاریہ بہت اہم ہے ۔ ۱۹۷۵ میں تصانیفِ اقبال اور تصانیف برائے اقبال سے متعلق چوبیس صفحات پر مشتمل ایک اشاریہ رفیع الدین ہاشمی صاحب نے شائع کیا ہے ۔ یہ اگرچہ مختلف کتابچہ ہے لیکن مفید کام ہے ۔

ہندوستان میں علامہ اقبال سے متعلق اب تک کوئی اشاریہ نہیں تیار کیا گیا ہے ۔ ممکن ہے ۱۹۷۷ تک کچھ کام منظرِ عام پر آئے ۔ اس وقت میرا یہ اشاریہ ''ہندوستان میں اقبالیات ایک نظر میں'' گویا اس سلسلے کی پہلی کڑی ہے ۔ میں نے اسے ہندوستان اور اُردو تک محدود رکھا ہے ۔ البتہ انگریزی کے چند مضامین اور کتابوں کے حوالے محض اس لیے شامل کر لیے ہیں کہ آئندہ اگر موقع ملا تو اس پر الگ سے کام کروں گا ۔ اس اشاریے میں میں نے ہندوستانیوں کی اُن تحریروں کو شامل کیا ہے جو ہندوستان یا پاکستان میں کسی جگہ شائع ہوئی ہیں اور پاکستانیوں کی صرف اُن تحریروں کے حوالے دیے ہیں جو ہندوستان میں

۵- مرتب عبدالقوی دسنوی ۔ ۶- مرتب محمد حسین رضوی ۔

*اقبال اکادمی پاکستان اب کراچی سے لاہور منتقل ہو گئی ہے ۔

شائع ہوئی ہیں، اس لیے کہ اس سے بھی ہندوستانیوں کی اقبال سے دلچسپی کا پتا چلتا ہے۔

اشاریہ سازی کا کام لامحدود اور مسلسل ہوتا ہے — لامحدود اس لیے کہ تمام رسائل کا نظر سے گزرنا محال ہے اور مسلسل اس لیے کہ ہر نیا دن اس میں کچھ نہ کچھ اضافہ کرتا ہے۔ بہرحال محدود ذرائع و وسائل کے باوجود جو کچھ کر سکا ہوں، وہ ''ہندوستان میں اقبالیات'' کی صورت میں حاضر ہے۔ اس میں خامیاں، کوتاہیاں، کمزوریاں ضرور رہ گئی ہوں گی۔ اس لیے مطالعہ کرنے والوں سے اُمید کرتا ہوں کہ وہ اپنے تاثرات سے آگاہ کریں گے تاکہ آئندہ اسے بہتر بنانے کی کوشش کی جا سکے۔

مجھے یہ اعتراف کرتے ہوئے نہایت مسرت ہو رہی ہے کہ برادرم شکیل الرحمٰن اور نور چشمان علی متقی دسنوی اور علی نقی دسنوی نے کارڈ کی تیاریوں میں اور ترتیب میں میری بڑی مدد کی ہے جس کی وجہ سے یہ کام بہت آسان ہو گیا ہے۔

اقبال نمبر "علی گڑھ" کے لیے جناب ضیاء الدین انصاری، آزاد لائبریری مسلم یونیورسٹی اور محمد انصار اللہ صاحب کا شکرگزار ہوں کہ ان دونوں حضرات کے تعاون سے اس نمبر کے مضامین اس اشاریہ میں شامل کر سکا۔

(۱) اقبال رسائل میں

ابلیس اقبال کی نظر میں	حمیدہ بیگم	''مجلۂ عثمانیہ'' ۱۹۳۹
ابلیس اقبال کی نظر میں	مناظر عاشق ہرگانوی	"فروغ اردو" لکھنو، فروری ۱۹۶۶
ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں (تشریح)	سید مستفیض الحسن	''الحسنات'' رام پور، اگست ۱۹۷۳
اپنی نظم مرزا غالب میں اقبال کی ترمیمات	حشم الرمضان	''شاعر'' بمبئی، جولائی ۱۹۷۳
اجتہاد (تشریح)	سید مستفیض الحسن	''الحسنات'' رام پور، دسمبر ۱۹۷۳
اجتہاد۔۔۔علامہ اقبال کی نظر میں	چودھری شیر محمد حمید	''فکر و نظر'' علی گڑھ، جولائی ۱۹۶۶

آرٹ اور اقبال	ظفر احسن آصف	''آج کل'' دہلی، ۱۵ اکتوبر ۱۹۴۵
اردو شاعری اور اقبال	عباس جعفر	''سب رس'' حیدرآباد دکن، جون ۱۹۳۸
اردو غزل کی ٹکنک (اقبال نے غزل میں انقلاب پیدا کیا)	فراق گورکھپوری	''نگار'' لکھنو، ۱۹۵۰
اردو کی جدید شاعری اور انقلاب	رفعت احمد خاں	''برہان'' دہلی، جون ۱۹۴۰
ارمغانِ حجاز	سہا بھوپالی	''نیرنگِ خیال'' لاہور، ۱۹۴۲
آزاد اور محکوم (تشریح)	سید مستفیض الحسن	''الحسنات'' رام پور، اگست ۱۹۷۴
آزاد و اقبال	جگن ناتھ آزاد	''اقدام'' لاہور، ستمبر ۱۹۵۴
اسرارِ خودی	محمود علی	''خطیب''، ۷ نومبر ۱۹۱۶
اسرارِ خودی	ڈکنسن	''معارف'' اعظم گڑھ، ۱۹۲۱
اسرارِ خودی	کمال احمد صدیقی	''شیرازہ'' کراچی، شمارہ ۳
اسرار و رموز	ادارہ	''زمانہ'' کانپور، ستمبر ۱۹۱۸
اسرار و رموز	عبدالرحمٰن بجنوری مترجم مالک رام	''نیرنگ'' لاہور، ۱۹۴۲
اشارات	منظور علی منظور	''سب رس'' حیدرآباد دکن، جون ۱۹۳۸
اصلاحات اقبال	محمد بشیرالحق دسنوی	''معارف'' اعظم گڑھ، فروری ۱۹۷۲
اصلاحات منظومات مندرجہ نوادرِ اقبال	محمد بشیرالحق دسنوی	''ہماری زبان'' علی گڑھ، ۱۵ اگست ۱۹۶۴

افتتاحیہ خطبہ	درگا پرشاد دھر	''گفتگو'' بمبئی ، مارچ - جون ۱۹۷۵
افکارِ اقبال (پیام مشرق کے آئینے میں)	حافظ محمد طاہر علی	''معارف'' اعظم گڑھ ، فروری ۱۹۷۲
اقبال	عبدالقادر	''خدنگ نظر'' لکھنو ، مئی ۱۹۰۲
اقبال	غلام سرور	''علی گڑھ میگزین'' اقبال نمبر ، اپریل ۱۹۳۸
اقبال	محمد رضا علی خاں	''علی گڑھ میگزین'' اقبال نمبر ، اپریل ۱۹۳۸
اقبال	رشید احمد صدیقی	''جوہر'' اقبال نمبر، دہلی، ۱۹۳۸
اقبال	محمد مجیب	''جوہر'' اقبال نمبر، دہلی ۱۹۳۸
اقبال	معین الدین احمد	''سب رس'' حیدرآباد دکن، جون ۱۹۳۸
اقبال	محمود حسین	''فانوس'' مدراس ، فروری ۱۹۳۹
اقبال	آغا حیدر حسن دہلوی	''آج کل'' دہلی ، ۱۵ اپریل ۱۹۴۷
اقبال	اخترالزماں ناصر	''نقش نو''اورنگ آباددکن، جون ۱۹۵۷
اقبال	خلیفہ عبدالحکیم	''گفتگو'' بمبئی نمبر ۴ ، ۱۹۶۴
اقبال	—	''کتاب نما'' دہلی ، اگست ۱۹۶۷
اقبال	فیض زبیری	''شعور'' حیدرآباد دکن ، ۱۱ مئی ۱۹۷۳
اقبال	سردار جعفری	''شاعر'' بمبئی ، جولائی ۱۹۷۳

اقبال	خلیفہ عبدالحکیم	''تحریک'' دہلی ، اپریل ۱۹۷۴
اقبال	ایس ۔ ایم ۔ سرور	''صبح اُمید'' بمبئی ، دسمبر ۱۹۷۴
اقبال	شمیم حنفی	''شب خون'' الہ آباد ، دسمبر ۱۹۷۴
اقبال	کمال الدین بیگ	''پیام آفتاب'' امرتسر
اقبال اپنے خطوط کے آئینے میں	ڈاکٹر عبدالحق	''ہماری زبان'' دہلی ، ۸ فروری ۱۹۷۶
اقبال اپنے معاصرین کی نگاہ میں	ڈاکٹر عبدالحق	''فروغ اُردو'' لکھنو ، فروری ۱۹۷۶
اقبال ، اسلام اور اشتراکیت	جگن ناتھ آزاد	''معارف'' اعظم گڑھ ، فروری ۔ مارچ ۱۹۷۶
اقبالِ اقبال	سید ابراہیم	''صبح اُمید'' بمبئی ، دسمبر ۱۹۷۴
اقبال اور ابلیس	مسیح الزماں	'' نسیان '' الہ آباد یونیورسٹی ، ۱۹۳۵
اقبال اور ابوالعلا معری	ڈاکٹر طٰہٰ حسین مترجم محسن عثمانی ندوی	''مریخ'' پٹنہ ، اپریل ۱۹۶۸
اقبال اور آب و رنگِ شاعری	محمد عظیم	''شاعر'' آگرہ ، جولائی ۱۹۳۷
اقبال اور احترامِ آدم	جگن ناتھ آزاد	''آفاق'' لاہور ، ۲۱ اپریل ۱۹۵۹
اقبال اور ادب کے تقاضے	محمد بدیع الزماں	''صبح نو'' پٹنہ ، مئی ۱۹۶۹
اقبال اور ارتقائے تخلیقی	عزیز احمد	''اردو'' دلّی ، جولائی ۱۹۳۷
اقبال اور آرٹ	یوسف حسین خاں	''اردو'' دلّی ، اکتوبر ۱۹۳۸

اقبال اور اُردو غزل	قمرالدین خاں	''علی گڑھ میگزین'' اقبال نمبر ، اپریل ۱۹۳۸
اقبال اور آرزوئے نایافت	امتیاز علی عرشی	''برہان'' دہلی ، جون ۱۹۳۶
اقبال اور آزادی	مصباح الدین شکیل	''آج کل'' دہلی ، اپریل ۱۹۵۹
اقبال اور آزادی	مصلح الدین صدیقی	روزنامہ ''رہنمائے دکن'' حیدرآباد دکن،جون۱۹۷۳
اقبال اور اسپوتنک	عبدالمغنی	''ہماری زبان'' علی گڑھ ، یکم نومبر ۱۹۵۹
اقبال اور اس کا عہد	جگن ناتھ آزاد	''نگار'' لکھنو ، مارچ ۱۹۵۹
اقبال اور اس کا عہد	امیر چند بہار	''سب رس''حیدآباد دکن، اگست ۱۹۶۲
اقبال اور ہندوستان	برجیس جہاں	شعبۂ اُردو ، سیفیہ کالج ، بھوپال یونیورسٹی، بھوپال
اقبال کی شاعری میں حب الوطنی	نشاط زریں	شعبہ اُردو ، مادھو کالج ، وکرم یونیورسٹی اجین
اقبال کی شاعری میں رومانیت	شمس النسا	جموں و کشمیر یونیورسٹی ، سرینگر

محمد حسین عرشی

اقبال ؒ کے کرم فرما*

دیکھا تو نہیں ، سنا ہے کہ ایک شاعر نے شیخ سعدی کے ''پند نامہ کریما'' کو مسدس کی صورت میں تضمین کیا اور اس کے تمام اشعار کو امام حسین رضی اللہ عنہ کا مرثیہ بنا دیا ۔

ایک اور ایسی ہی بات سننے میں آئی ہے کہ ایک فاضل نے نحو کی مشہور کتاب ''کافیہ'' کی ایسی شرح لکھی کہ اُسے تصوّف کی کتاب ثابت کر دیا ۔

اس سے ان لوگوں کا مقصد کسی کو دھوکا دینا نہیں تھا ، بلکہ اپنی ذہانت کے غیر معمولی ہونے کا ثبوت مہیا کرنا تھا کہ ہم چاہیں تو کسی مصنف کو اس کے اصلی اور واضح مقصد و موضوع کے خلاف بھی استعمال کرنے کی قابلیت رکھتے ہیں ۔

یہ تو خیر انسانوں کی آپس میں تفریحات تھیں ۔ آپ یہ معلوم کر کے حیران ہوں گے کہ بعض ضرورت سے زیادہ بے باک لوگوں نے خدائے جبار و قہار کے ساتھ بھی ایسی جسارت کرنے سے پرہیز نہیں کیا ۔

تحریر و تصنیف کی پوری دنیا میں جو ہزارہا سال کو محیط ہے ایک اور صرف ایک کتاب ہے اللہ کی کتاب جس کی حفاظت کا ذمہ اللہ نے لے رکھا ہے ۔ اس کے نزول کو چودہ صدیاں گزر گئیں ۔ اس کے کسی لفظ ، حرف ، زیر ، زبر ، پیش ، جزم یا تشدید میں آج تک کوئی تبدیلی یا کمی بیشی نہیں ہو سکی ۔ حالانکہ قبل و بعد کے بے شمار مصنفوں کی کتابوں کے مختلف نسخوں میں الفاظ و عبارات کے کثیر اختلافات پائے جاتے ہیں ، مثلاً ''مثنوی معنوی'' کا جو نسخہ پروفیسر نکلسن نے مرتب کیا ہے انھوں نے قدیم و جدید قلمی و مطبوعہ نسخے مہیا کر کے ان میں سینکڑوں اشعار الحاقی ثابت کیے اور سینکڑوں ایسے جو قدیم ترین نسخوں میں ملتے ہیں لیکن عام مطبوعہ نسخوں میں موجود

*اقبال اکادمی میں ایک خصوصی نشست مورخہ ۴ ستمبر ۱۹۷۵ میں پڑھا گیا ۔

نہیں - پنجاب کے مشہور شاعر وارث شاہ کو کوئی بہت زیادہ زمانہ نہیں گزرا - اس کا کوئی نسخہ اس وقت موجود نہیں ہے جس کو وثوق سے تمام و کمال اس کی تصنیف کہا جا سکے - میاں ہدایت اللہ ، پیراں دتا ، اور استاد سوختہ امرتسری کے اضافہ شدہ نسخے بازار میں عام ملتے ہیں -

بائبل ، جسے کتابِ مقدس کہا جاتا ہے ، کی تاریخ اٹھا کر دیکھیے تو اس میں بھی ایسی ہی دھاندلی مچی ہوئی ہے - کئی اناجیل جن کے صرف نام رہ گئے ہیں غائب کر دی گئیں - عبارات میں بھی تفاوت پایا جاتا ہے - آج تک یہ بھی تحقیق نہیں ہو سکا کہ بائبل کے مختلف صحیفے کس کس زبان میں نازل ہوئے تھے ، ان کا ربانی متن کہیں موجود بھی ہے یا نہیں ؟

ہمارے ہاں بھی کچھ ایسے لوگ پیدا ہو گئے جو خدا کے حفاظتی بند کو توڑ کر قرآن حکیم کے اندر تو نہ گھس سکے ، لیکن انھوں نے باہر سے ممکن حد تک گولہ باری کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی - کئی آیتیں بلکہ سورتیں تک تصنیف کر ڈالیں اور مشہور کر دیا کہ یہ قرآن ہی کا حصہ تھیں لیکن (نعوذ باللہ) قرآن سے نکال دی گئی ہیں - ایسی ایک سورت عہدِ عالم گیری کی تصنیف "دبستان المذاہب" میں موجود ہے جس کا نام "سورۂ نورین" لکھا ہے - اس میں قرآنی آیات کی نقالی کی کوشش کی گئی ہے - یہ بھی آپ نے سنا ہوگا کہ بعض لوگوں کے نزدیک اصل قرآن میں بہت سے پارے تھے ، بعد میں تیس رہ گئے ، اور بعض کے نزدیک متعدد سورتیں موجودہ قرآن میں نہیں ہیں - سنا ہے کہ وہ مزید پاروں والا قرآن کسی کتب خانہ میں موجود ہے اور دیکھا جا سکتا ہے - اس ستم گری کی تفصیل دیکھنی ہو تو "اہلِ سنت پاکٹ بک" ص ۲۲ سے ص ۵۹ تک مطالعہ فرمائیے (تصنیف علامہ دوست محمد قریشی) -

اس کے علاوہ ایک دوسری طرح کا حملہ قرآن کریم پر یہ کیا گیا کہ اس کے معانی و مطالب ایسے بیان کیے گئے جن کا عربی لغت و محاورہ سے دور کا بھی واسطہ نہیں - اس کا نمونہ دیکھنا ہو تو محمد حسین الذہبی کی کتاب "التفسیر و المفسرون" مطبوعہ قاہرہ میں دیکھیے جو تین مجلدات پر مشتمل ہے - اس میں اقسامِ تفسیر پر مورخانہ بحث کی گئی ہے - اس وقت اس کی تیسری جلد پیشِ نظر ہے جو ۱۹۶۲ میں شائع ہوئی - تفسیر کی مشہور قسموں میں سے بعض کے نام سنیے : تفاسیر امامیہ اثنا عشریہ ، اسماعیلیہ باطنیہ ، زیدیہ ، خوارج ، صوفیہ ، اشاریہ ، فلاسفہ ، فقہا ، وغیرہ وغیرہ -

اشاری قسم کی تفاسیر میں سے ایک تفسیر "التاویلات النجمیہ" بہت اہم سمجھی جاتی ہے ۔ یہ سات مجلدات پر مشتمل ہے ۔ اس کے دو مصنف ہیں : شیخ نجم الدین (متوفی ۶۵۴ھ) اور علاء الدولہ (مولود ۶۵۹ھ) ۔ ان کے علم و فضل اور زہد و ورع کی بہت تعریف کی گئی ہے ۔ مقدمہ تفسیر میں لکھتے ہیں : ہر آیت کے سات بطن ایک دوسرے کی ضد ہوتے ہیں ۔ ان کے نام یہ ہیں ، بطن قالبیہ ، نفسیہ ، سرّیہ روحیہ ، خفیہ اور حقیہ ۔ لہٰذا ہر آیت کی سات تفسیریں ہوئیں جو ایک دوسری کے خلاف ہیں ۔ مفسر کے اپنے الفاظ یہ ہیں : علی ھذہ بطون اسبعتہ سبع تفسیرات ، کل یخالف الاخر (ص ۶۱) ، حالانکہ قرآن حکیم اپنے بے اختلاف ہونے کو وحی الٰہی ہونے کی دلیل میں پیش کرتا ہے — لو کان من عند غیراللہ لوجدوا فیہ اختلافاً کثیرا (نساء ، ۸۲) ۔

آگے بڑھ کر لکھتے ہیں : "ہر آیت کے ستر بطن ہوتے ہیں ، بلکہ سات سو تک" ۔ ذرا سا نمونہ بھی چکھ لیجیے ۔ سورۂ یوسف کی آیت قال نسوۃ فی المدینہ ۔ ۔ ۔ میں ذکر زنان مصر کا ہے جو عزیز مصر کی بیوی پر طعن کرتی تھیں کہ وہ اپنے غلام سے شغف رکھتی ہے ۔ صاحب تفسیر فرماتے ہیں کہ یہاں عورتوں سے مرد انسانی جسم کے اندر نفسانی ، بہیمی ، درندہ اور شیطانی صفات ہیں اور عزیز کی بیوی سے مراد دنیا ہے اور اپنے جس غلام کو وہ اپنے دام میں لانا چاہتی تھی وہ قلب ہے" وغیرہ ذالک ۔

ایک اور مسفر القاشانی ہے جس کو بعض لوگ صوفی اور بعض باطنی کہتے ہیں ۔ اس کا نام عبدالرزاق (متوفی ۷۳۰ھ) ہے ۔ اس کی تفسیر الشیخ الاکبر محی الدین ابن عربی کی طرف منسوب کی جاتی ہے ۔ سورۂ بقرہ کی آیت و اذ قال ابراہیم رب اجعل ھذا بلداً آمنا و ارزق اہلہ من الثمرات کی تفسیر میں فرماتے ہیں : "بلد یعنی شہر سے مراد سینہ ہے جو قلب کا حرم ہے اور ثمرات یعنی پھلوں سے مراد روح کے معارف ، حکمتیں اور انوار ہیں" ۔

لکھنو کے نوابی دور کے متعلق ایک کتاب "بادشاہ بیگم" کے نام سے تھوڑا ہی عرصہ ہوا شائع ہوئی ہے ۔ اس میں مشہور آیت ان اکرمکم عنداللہ اتقاکم یعنی تم میں سے اللہ کے نزدیک زیادہ معزز وہ ہے جو زیادہ پرہیزگار ہے ، کے معنی یہ لکھے گئے ہیں کہ تم میں سے اللہ کے نزدیک زیادہ معزز وہ ہے جو زیادہ تقیہ کرنے والا ہے ۔

ان نمونوں سے اندازہ کیجیے کہ پورے کلام مجید کو کس طرح لغت و محاورۂ عرب ، تفسیر نبوی ، صحابہ ، تابعین اور جمہور مفسرین سے بے نیاز ہو کر

کہاں سے کہاں لے گئے ۔ بقول علامہ اقبال

ہوئے اس درجہ فقیہان ِ حرم بے توفیق خود بدلتے نہیں قرآں کو بدل دیتے ہیں

اس مختصر تمہید کے بعد میں اپنے موضوع کی طرف آتا ہوں ۔ علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ کوئی صدیوں پرانے فلسفی ، شاعر یا مصنف نہیں ہیں ۔ ان کے دیکھنے ، جاننے اور ملنے والے کئی کہن سال اشخاص ابھی تک زندہ اور اس مجلس میں بھی موجود ہیں جن میں سے ایک یہ فقیر بھی ہے جو اس وقت آپ کے سامنے حاضر ہے ۔ آخر یہ موجود اشخاص بھی ، جن کی تعداد کم سے کم ہوتی جا رہی ہے ، اپنی آخری منزل سے قریب تر ہوتے جا رہے ہیں ۔ ان لوگوں نے علامہ کو قریب سے دیکھا ہے ۔ ان کی آنکھوں سے اُن کے اعمال وعقائد پنہاں نہیں رہ سکتے تھے اور علامہ کے بعد خود ان کی لازوال تصانیف ان کے دین و مذہب اور افکار و خیالات کی سچی ترجمانی کرتی رہیں گی ۔

لیکن فارسی کی مشہور کہاوت "دروغ گویم بر روئے تو" ان لوگوں پر صادق آتی ہے جو علامہ کی تصانیف سے ایسے مطالب نکالتے ہیں جو ان کی اپنے فکر و عقیدہ کا ترجمہ تو ہو سکتے ہیں ، لیکن علامہ کی طرف ان کی نسبت بہتان ِ صریح کے سوا کچھ نہیں ہو سکتی ۔

ہر انسان کی زندگی کے مختلف ادوار ہوتے ہیں ۔ وہ ماں کے پیٹ سے بالغ اور پختہ کار ہو کر پیدا نہیں ہوتا ۔ اس کی جسمانی ساخت اور وضع قطع کی طرح اس کے فکر و خیال میں بھی ارتقائی تبدیلیاں آتی رہتی ہیں ۔ ایک مغربی فلسفی نے کہا ہے کہ جو شخص اپنے خیالات نہیں بدلتا وہ دماغ نہیں رکھتا ۔ انسان گائے بھینس نہیں ہے جو اپنے روز ِ اول سے آج تک وہی ہے جو ہزارہا صدیاں پہلے تھی اور ایسی ہی ہمیشہ رہے گی ۔

ایک صحبت میں علامہ نے کہا تھا : "ذہنی لحاظ سے ایک شخص پر اس وقت موت طاری ہوتی ہے جب نئے افکار قبول کرنے کی صلاحیت اس میں نہیں رہتی" ۔[1]

اگر ایک نابغۂ روزگار شخص کبھی پہلی جماعت میں تھا اور عام بچوں کی طرح ننگ دھڑنگ پھرتا تھا تو اس کی اس حالت کو اس کی پوری زندگی پر تو منطبق نہیں کیا جا سکتا ۔

علامہ اپنے بچپن ، جوانی ، طالب علمی اور پھر پختگی اور بڑھاپے تک پہنچتے ہوئے مختلف ادوار سے گزرے اور وسعت ِ مطالعہ و تجربہ کے ساتھ اپنے خیالات میں

۱۔ خلیفہ عبدالحکیم ، "فکر اقبال" ، ص ۲۳ ۔

ارتقائی تبدیلیاں بھی کرتے رہے ۔ چنانچہ ''باقیات اقبال'' کے نام سے ان کا جو مجموعۂ کلام ان کی رحلت کے بعد شائع ہوا ہے انھوں نے اس کی تمام منظومات کو اپنے کلام میں شامل کرنا مناسب نہیں سمجھا جیسے غالب نے اپنے ''نسخۂ حمیدیہ'' کی اشاعت کا خیال ترک کر دیا تھا ۔

اس کا مطلب صاف ہے کہ علامہ ان خیالات سے دست کش ہو چکے تھے جن کی اشاعت ان کو پسند نہ تھی ۔ پھر ان کی جو نظمیں اور کتابیں شائع ہوئی ہیں ان ہیں بھی وہ بڑی احتیاط سے مقدم و موخر کے فرق کو واضح کرنے کے لیے سنینِ تصنیف درج کرتے رہے ہیں تاکہ قاری کو ان کے ارتقائی مدراج کا علم ہوتا رہے ۔ اس قسم کے قبل و بعد کے تضاد و تخالف کو انھوں نے خود بھی محسوس کیا ہے :

عجب نہیں جو پریشاں ہے گفتگو میری
فروغِ صبح پریشان نہیں تو کچھ بھی نہیں

یعنی انسانی خیالات میں اس قسم کا تفاوت فطری ہے ۔

خلیفہ عبدالکیم لکھتے ہیں :

''آج کل اکثر تحریروں اور تقریروں میں اقبال کے کلام کے حوالے نظر آتے ہیں لیکن کہنے والا اپنی حمایت میں کچھ اشعار چن لیتا ہے اور اقبال کو اپنا ہم نوا بنا لیتا ہے :

متفق گردید رائے بو علی با رائے من

''اقبال میں بظاہر جو تضاد نظر آتا ہے وہ یا ارتقائے فکر کا نتیجہ ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اقبال ایک منزل سے دوسری منزل کی طرف عبور کر گیا ، جس طرح انسان طفولیت سے شباب اور شباب سے شیب کی جانب بڑھتا ہے ۔ علامہ خود فرماتے ہیں کہ : 'میں تشکیک اور تفلسف کی ظلمات میں سے ہوتا ہوا ایمان و یقین کے آب حیات تک پہنچا ہوں'' ۔ اسے تضاد نہیں کہہ سکتے ۔ یہ ارتقا کوش زندگی ہے ۔''[۲]

اب اگر کوئی منکرِ خدا مادہ پرست علامہ کے دورِ تشکیک و تفلسف کے کسی شعر یا فقرہ کو پیش کر کے ان کو اپنا ہم خیال دہریہ یامتشکک ثابت کرنے کی کوشش کرتا ہے تو نہ صرف ان کے ساتھ بلکہ اپنے ضمیر کے ساتھ بھی خیانت کا مرتکب ہوتا ہے ۔

اسی طرح ان پر ایک ایسا دور بھی آیا جب وہ وجودی صوفیہ کے خیالات

۲۔ ایضاً ، ص ۴۲۷ ۔

سے متاثر ہوئے ، اگرچہ بعد میں اس کی سخت مخالفت کی اور اس کو الحاد و زندقہ تک کہہ دیا ۔[۳] لیکن فلسفہ وحدۃ الوجود کے بعض سطحی قائل ان کی پوری شاعری اور پوری زندگی پر اس عقیدے کی مہر لگا دیتے ہیں ۔ انھوں نے اپنے کلام میں سرمایہ داری کی مخالفت کی اور قرآنی تعلیمات کی بنا پر کی ، جیسے کہ ہمارے قدیم بزرگ بھی حرص ِ مال کی مذمت کرتے چلے آ رہے ہیں ۔ لیکن بے خدا سوشلزم کے لفظی حامی جن کے عملاً اس سے بھی کوئی سروکار نہیں ، علامہ کو سوشلسٹ بنانے پر تلے ہوئے ہیں ۔ اسی طرح مسلمانوں کے مختلف فرقے جو آپس میں سخت بیر رکھتے اور ایک دوسرے کو ضالی ، ملحد ، کافر اور واجب القتل تک کہنے سے دریغ نہیں کرتے سب اپنی اپنی تقریر و تحریر میں اپنے مطلب کے مطابق علامہ کا کوئی نثری فقرہ یا شعر ڈھونڈ نکالتے ہیں اور علامہ کی عام تعلیم اور زندگی کے سیاق و سباق سے الگ کر کے علامہ کے عقیدت مندوں اور عوام کو دھوکا دینے کی جسارت کرتے ہیں ۔ حالانکہ علامہ نہ کسی سیاسی ازم کے معتقد تھے اور نہ کسی مخصوص اسلامی فرقے میں محدود تھے ۔ وہ قرآن ِ پاک کی اس نص ِ صریح سے واقف تھے کہ فرقہ پرستی شرک کے مترادف بلکہ بعض صورتوں میں اس سے بھی بدتر ہے ۔ ۱۹۳۰ میں آل انڈیا مسلم لیگ کے اجلاس منعقدہ الہ آباد کے خطبہ ٔ صدارت کی تمہید ہی سے واضح ہو جاتا ہے کہ وہ عام مسلمانوں سے الگ اپنا کوئی ٹولہ بنانا پسند نہیں کرتے تھے اور کسی مخصوص مکتب ِ فکر و خیال کے پیرو بھی نہیں تھے ۔ ان کے اپنے الفاظ یہ ہیں : ''میں کسی جماعت کا رہنما نہیں ، نہ کسی رہنما کا پیرو ہوں ۔''[۴] ایسے پر معنی لفظ کسی معمولی دماغ میں پیدا ہی نہیں ہو سکتے ۔ وہ صرف اسلام کے پیرو تھے ۔ اسلام اُن کا دین تھا ، اسلام ان کی سیاست تھی ، اسلام ان کی زندگی ، اسلام اور صرف اسلام ہی کی طرف انھوں نے پوری دنیا اور خصوصاً مسلمانوں کو دعوت دی ۔ ان کے کان میں یہ لازوال آواز آ رہی تھی : ''ان الذین فرقوا دینھم و کانوا شیعاً لست منھم فی شی'' (انعام ، ۱۵۹) یعنی جن لوگوں نے اپنے دین میں الگ الگ راہیں نکالیں اور بہت سے فرقے بن گئے (اے رسول !) تیرا ان سے کوئی واسطہ نہ رہا ، یعنی امت اپنے پیغمبر سے کٹ گئی ، اس کے روحانی و اخلاقی فیضان سے محروم ہو گئی ، جیسے ندی اپنے منبع سے محروم

۳۔ شیخ عطاءاللہ ، مرتب ، ''اقبال نامہ'' ، حصہ ٔ اول ، ص ۴۴ : سراج الدین پال کے نام تیسرا مکتوب ۱۹ جولائی ۱۹۱۴ ۔

۴۔ ''مضامین ِ اقبال'' ص ۷ ۔

ہو جائے تو خشک ہوتی ہے ۔کیا اقبال اپنے آپ پر اور اپنی قوم پر یہ عذاب گوارا کر سکتے تھے ؟

اور سنیے : لا تکونوا من المشرکین : مسلمانو ! تم مشرکین میں سے نہ ہو جانا ۔ اب یہاں کوئی بھی اپنے آپ کو مشرک ماننے کے لیے تیار نہیں ہوگا ، لیکن قرآن پاک نے اس لفظ کو شرح کیے بغیر نہیں چھوڑا ۔ وہ اس کے بالکل متصل واضح کر دیتا ہے کہ مشرک کی پہچان کیا ہے ۔ من المشرکین من الذین فرقوا دینہم و کانوا شیعاً کل حزب بما لدیہم فرحون (روم : ۳۱ - ۳۲) ، مشرکین وہ ہیں جنھوں نے پھوٹ ڈالی اپنے دین میں ، اور ہوگئے بہت فرقے ۔ ہر فرقہ اپنے اپنے فرقہ وارانہ خیالات پر فریفتہ ہے ، یعنی ایک ہی دین والوں کا بہت سے فرقے بن کر اپنے اپنے خیالات کو صحیح اور دوسروں کو غلط ثابت کرتے رہنا بھی من جملۂ صفات شرک ہے ۔

کیا ایسے مصنوعی اور انسانوں کے ساختہ پرداختہ اسلام کی طرف اقبال ایسا وسیع العلم شخص ساری دنیا کو دعوت دے سکتا تھا ؟ اور خود مسلمانوں کے جنگ آزما فرقوں کو انہی میں سے کسی ایک پر جمع کرنے کا غیرممکن خیال بھی کر سکتا تھا !

ہمارا یہ پارہ پارہ ہونا دیکھ کر ان کے منہ سے اس قسم کی فریادیں نکلتی رہتی تھیں :

رشتۂ دیں چوں فقیہاں کس نہ رشت کعبہ را کردند آخر خشت خشت

کیا وہ کسی ایک خشت کو ہاتھ میں لے کر کہہ سکتے تھے کہ یہی کعبۂ مکرمہ ہے — اس کی طرف رُخ کرکے سجدہ کرو ۔ اور سنیے ! قرآن اس سے آگے بڑھتا ہے ۔ وہ جو تاریخی واقعات بیان کرتا ہے اس کا مقصد محض تاریخ یا اس کے سنین و شہور بتانا نہیں ہوتا ۔ ان میں ہمارے لیے ہدایت ، موعظت اور حکمت کے جواہرات ہوتے ہیں ۔

موسیٰ علیہ السلام اپنے بڑے بھائی ہارون علیہ السلام پر خفا ہو رہے ہیں کہ انھوں نے بنی اسرائیل کو بچھڑے کی پوجا کرتے دیکھا اور منع کیوں نہ کیا ۔ یہ ایک شرک جلی تھا اور ہارون پیغمبر کے سامنے ہو رہا تھا ۔ وہ خاموش کیوں رہے ؟ اس حکیمانہ سکوت کی وجہ خود انہی کی زبان سے سنیے : انی خشیت ان تقول فرقت بین بنی اسرائیل ولم ترقب قولی ('طٰہٰ' : ۹۴) ، (اے موسیٰ !) میں ڈرا کہ تو کہے گا کہ (اے ہارون !) تو نے بنی اسرائیل میں پھوٹ ڈال

دی اور میری بات یاد نہ رکھی ۔۵ ظاہر ہے کہ اگر اس موقع پر ہارون علیہ السلام اس مشرکانہ حرکت کے خلاف تقریر کرتے تو کچھ لوگ ان کے ساتھ ہو جاتے اور کچھ دوسرے اپنی ضد پر اڑے رہتے ۔ اس طرح قوم میں پھوٹ پڑ جاتی ۔ انھوں نے وقتی طور پر موسیٰ علیہ السلام کی واپسی تک شرک کے خلاف اقدام نہیں کیا ، لیکن پھوٹ کر گوارا نہیں گیا ، یعنی پھوٹ کو اس سے بھی بدتر سمجھا ۔ خدائے زمین و آسمان ہم مسلمانوں کو صدیوں پہلے گزرا ہوا واقعہ کیوں سنا رہا ہے ؟ اس میں کیا مصلحت اور سبق ہے ؟ کاش مسلمان سمجھیں !

مولانا عبدالسلام ندوی اپنی مستند کتاب "اقبال کامل" میں علامہ کے ذاتی حالات میں ایک ذیلی عنوان "مذہب" قائم کرتے ہیں ۔ اس میں لکھتے ہیں :

"وہ مذہب کے پرجوش مبلغ ہوگئے اور یورپ سے پلٹنے کے بعد وہ برابر مذہب کی تبلیغ کرتے رہے لیکن یورپ سے پلٹنے کے بعد انھوں نے جس مذہب کی تبلیغ کی وہ فرقہ آرائی سے بلند تھا ۔ وہ اس اسلام کے داعی تھے جس کی دعوت خود قرآن مجید نے دی تھی ۔ ۔ ۔ ۔ ان کے اشارات بلکہ تصریحات سے ثابت ہوتا ہے کہ مذہب کے متعلق ان کا عروۃ الوثقی صرف قرآن تھا ۔ مثنوی رموز بے خودی میں فرماتے ہیں :

گر تو می خواہی مسلماں زیستن　　نیست ممکن جز بقرآن زیستن

"ہمارے صوفیہ کے ہاں قوالی میں علامہ کا کلام تصوف کی تائید میں وجد و حال کا مورد ٹھہرایا جاتا ہے ، لیکن خود علامہ کا تبصرہ اس پر کیا ہے ؟ غور سے سنیے ؟

صوفی پشمینہ پوشِ حال مست　　از شرابِ نغمۂ قوال مست
آتش از شعر عراقی در دلش　　در نمی سازد بقرآں محفلش

"یعنی علامہ شعر بازی کی بجائے قرآن حکیم کو زیب مجالس بنانا چاہتے ہیں ۔ اسی طرح ہمارے واعظ برسر منبر اپنی پسندیدہ روایات کے ساتھ علامہ کے اشعار کو اپنے فرقے کی تائید میں پیش کرتے ہیں اور علامہ انھیں بھی قرآن مجید کی طرف متوجہ کرنا چاہتے ہیں :

واعظ دستان زنِ رخسانہ بند　　معنی او پست و حرف او بلند
از خطیب و دیلمی گفتارِ او　　باضعیف و شاذ و مرسل کار او

۵۔ شاہ عبدالقادر دہلوی لکھتے ہیں کہ موسیٰ جاتے وقت کہ گئے تھے کہ قوم کو متفق رکھیو ۔

از تلاوت بر تو حق دارد کتاب
تو ازو کامے کہ می خواہی بیاب

صد جہاں باقی ست قرآن ہنوز اندکے خود را در آیاتش بسوز

"یعنی ہر دینی ، اخلاقی ، علمی اور سیاسی مقصد کے لیے اس کو رہنما بناؤ ، اس کی حدود میں رہ کر عقلی ، فکری اور شورائی ترقیاں کرو ۔"[٦]

علامہ چشم ُپر آب اور قلب ِپُر گداز کے ساتھ قرآن حکیم کی تلاوت کیا کرتے تھے ۔ وہ قرآن پاک کو ایک عالم گیر اور غیر زمانی دعوت کا داعیٔ عظیم سمجھتے تھے ۔ قرآن نے خود کم از کم بائیس مرتبہ "یا ایہا الناس" کہ کر پورے عالم انسانیت کو پکارا ہے ، چھ بار "امت ِ واحدہ" کا مطالبہ دھرایا ہے ۔ ہر دور اور ہر ملک و ملت کے انسانوں کو "نفس ِ واحدہ" سے ان کی تخلیق تین بار یاد دلائی ہے ۔ سات مرتبہ بنی آدم اور یا بنی آدم کہ کر تمام نوع ِ انسانی کے ایک کنبہ ہونے پر مہر ِ تصدیق ثبت فرمائی ہے ۔ اللہ تعالیٰ کی صفت رب العالمین ، پیغمبر ِ قرآن کا وصف رحمۃ للعالمین اور خود قرآن کی شان ذکرٌ للعالمین وارد ہوئی ہے ۔ غور فرمائیے! جس عالی دماغ نابغۂ روزگار کی رگ رگ میں ایسی وسیع الظرف اور محیط الکل کتاب کی آیات رچ چکی ہوں کیا وہ اپنے آپ کو کسی مخصوص و محدود ٹولی یا انسانوں کے بنائے ہوئے کسی ازم میں محصور و مقید کر سکتا ہے؟ — وہ ازم جو کل بنے اور تجربے کی کسوٹی پر آ کر آج فیل ہو رہے ہیں ۔ کارل مارکس کی اشتراکیت کا جو تصور اس کے ذہن میں تھا آج اس کے نام نہاد پیرو ملکوں کے کسی گوشے میں رائج نہیں ۔ جتنے ممالک اشتراکیت کا دعویٰ کرتے ہیں سب اپنے اپنے ملک میں ایک دوسرے سے رقابت و ضدیت کی حد تک مختلف ہیں ۔ اس کے مقابلے میں اسلام قبل ِ زمانۂ نوح علیہ السلام سے آخری نبوت تک اپنے اٹل اصول کے لحاظ سے ایک ہی چلا آ رہا ہے ۔ آج تک کسی متاخر ِ رسول نے کسی متقدم نبی کی تنقید و تردید میں ایک لفظ نہیں کہا ۔ سب ہی اپنے سے سابق انبیا کی تائید کرتے چلے آ رہے ہیں ۔ یہ ایک برہان ِ قاطع ہے اس حقیقت پر کہ اسلام انسانی دماغوں کی پیداوار نہیں ہے ۔ اس کا ماخذ و منبع ایک ہی واحد مطلق ذات ہے ، جس کی بات زمانہ گزرنے کے ساتھ ناقابل ِ عمل نہیں ہو جاتی ۔ قرآن بار بار اس عظمت و ابدیت کی طرف متوجہ کرتا ہے ۔ لاریب فیہ —لا تبدیل لکلمات اللہ —لن تجد اللہ لسنۃ

٦- "اقبال ِ کامل" ، ص ٥٥ -

تبدیلا — علامہ اسی کا ترجمہ کرتے ہیں :

حرف او را ریب نے تبدیل نے آیہ اش شرمندۂ تاویل نے

جو لوگ علامہ کو اپنے خود ساتھ ٹولے یا جماعت کا موید ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں وہ یا تو قرآن اور علامہ دونوں کو نہیں سمجھتے ، یا جان بوجھ کر اپنی کسی ذاتی خواہش کی تکمیل کے لیے وضع و جعل کے مرتکب ہوتے ہیں اور علامہ کو اپنی آڑ بناتے ہیں ۔

علامہ جس پیغمبر — فداہ امی و ابی — صلی اللہ علیہ وسلم کے عشق سے سرشار تھے وہ خود بھی کسی نئے فرقے کے بانی نہیں تھے ۔ کاش ہم قرآنِ پاک کو اُس وسیع النظری سے دیکھتے جس کا وہ متقاضی ہے اور اللہ تعالیٰ کی بیان کردہ حضورؐ کی سیرت پاک کا مطالعہ کرتے ! ارشاد ہوتا ہے : قل ما کنت بدعاً من الرسل (احقاف : ۹) : اعلان کر دیجیے کہ میں کوئی نیا رسول نہیں آیا ۔ اس کی تفسیر علامہ عثمانیؒ کی زبان سے سنیے : ''میری باتوں سے اس قدر بدکتے کیوں ہو ؟ میں کوئی انوکھی چیز لے کر تو نہیں آیا ۔ ۔ ۔ ۔''

سورۂ انعام کی آیہ ۸۸ میں اٹھارہ انبیا علیہم السلام کا ایک ہی جگہ ذکر کیا گیا ہے ۔ اجمالاً ان کی صفات ، مراتب اور فضیلت کے بیان کے بعد فرمایا ہے : ھدینا ھم الی صراطِ مستقیم — ہم نے ان کو سیدھی راہ پر چلایا ۔ اس کے ساتھ ہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خاص طور پر مخاطب فرمایا ہے : اولائک الذین ھدی اللہ فبہداھم اقتدہ — یہ وہ لوگ تھے جن کو اللہ نے ہدایت کی ، سو تو ان کے طریقے پر چل ۔ اس موضوع پر کہ اسلام کوئی نیا فرقہ نہیں اور حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کسی نئے مذہب کے بانی و موجد نہیں تھے ، آیات جمع کی جائیں تو ایک الگ مبسوط تصنیف بن جائے ۔ تاہم تھوڑی سی روشنی اور دیکھ لیں : ''ثم اوحینا الیک ان اتبع ملۃ ابراھیم حنیفا (نحل ، ۱۲۳) : پھر ہم نے تجھ کو حکم بھیجا کہ ابراہیم کے دین پر چل جو ایک طرف کا ہو رہا تھا ۔

اس کی تفسیر میں لکھا ہے : ''۔ ۔ ۔ ۔ مقصد یہ ہے کہ حلال و حرام اور دین کی باتوں میں اصل (یعنی بنیاد) ملت ابراہیم ہے ۔ ۔ ۔ ۔ آپ کو خاتم الانبیا بنا کر بھیجا تاکہ اصل ملتِ ابراہیمی کو جو غفلت اور تحریف و تصرف بے جا کی دست برد سے ضائع ہو چکی تھی از سر نو زندہ اور روشن کیا جائے اور شرک کی تمام رگیں کاٹ دی جائیں'' ۔

یہاں یہ حال ہے کہ ہٹلر ازم ختم ، فاشزم ختم ، کمیونزم مسخ — کل پیدا

ہوئے ، آج جان بلب اور اسلام۔بقول شاعر

زاہد زدیں برآمد و صوفی ز اعتقاد   ترسا مجدی شد و عاشق بہاں کہ ہست

وہی ایک بات جو سینکڑوں ہزاروں برس کے 'بعد زمانی اور سینکڑوں ہزاروں کوس کے 'بعد ہائے مکانی کے باوجود کہتے چلے آ رہے ہیں اور کہنے والوں کی بولیاں بھی ایک دوسرے سے قطعاً مختلف ہیں ، وہ بات آج بھی زندہ و پائندہ ہے اور رہتی دنیا تک قائم و دائم رہے گی -

اگر علامہ سیاستاً سوشلسٹ اور مذہباً وجودی یا کسی بھی ایسے فرقے سے منسلک تھے جو قرن اول کے بعد کی صدیوں میں پیدا ہوا تو کیا وہ تمام انبیا جن کے متفقہ و مسلمہ دین کی طرف علامہ دعوت دے رہے تھے ، سب کے سب سوشلسٹ یا ہمارے کسی نو پیدا فرقے کی جزئیات کے پابند تھے ؟ خدا را انصاف کیجیے ! خزف کو صدف اور صدف کو خزف کہنے والے کدھر جا رہے ہیں ، اور علامہ کو اپنے ساتھ یا اپنے پیچھے چلانے کے لیے کتنا بڑا جھوٹ پھیلا رہے ہیں ؟ اور اسلام و قرآن کی روشنی سے محروم چند لوگ عقیدت مندان اقبال کو بھی اپنی تیرہ و تار فضا میں ٹھوکریں کھانے کے لیے مجبور کر رہے ہیں -

اللہ تعالیٰ اپنی ابتدائی وحی سے لے کر آخری وحی تک یہی فرماتا آ رہا ہے کہ "میں ایک ہوں میرا کوئی شریک نہیں ، تمام الہامی کتب اسی پیغام سے بھری پڑی ہیں ، لیکن انہی کتابوں کا دم بھرنے والے کروڑوں انسان کہتے ہیں کہ : ''نہیں جناب ! آپ ایک نہیں ہیں - تین ہیں'' - وہ فرماتا ہے : ''میں بے مثل ہوں'' اور یہ کہتے ہیں کہ "نہیں تیرا ایک بیٹا بھی ہے اور بیٹا باپ کے مثل ہوتا ہے" - اسی طرح اقبال یہ کہتے رہے کہ میں ''مسلم" اور صرف ''مسلم" ہوں ، لیکن ان کے بعض شارح فرماتے ہیں کہ ''نہیں جناب ، آپ سوشلسٹ ہیں ، وجودی ہیں'' (وغیرہ وغیرہ) اب اس کا کیا علاج ؟ سونا تو کسوٹی کی گواہی پیش کرتا ہے کہ ''سونا ہوں" لیکن کچھ لوگ رٹ لگائے جا رہے ہیں کہ ''یہ تو پیتل ہے - کسوٹی اس کی اصلیت نہیں سمجھ سکی'' -

تاہم علامہ کی ان آوازوں کو کس طرح دبایا جا سکتا ہے جن میں وہ بار بار دل درد مند کے ساتھ قرآن سے لوگوں کی دوری اور بے نیازی کا ذکر کرتے ہیں :

در مسلمانان مجو آں ذوق و شوق
آں یقیں ، آں رنگ و بو ، آں ذوق و شوق

عالماں از علمِ قرآں بے نیاز
صوفیاں درّندہ گرگ و مو دراز

یہ تو مذہبی لوگوں کا حال ہے - اب فرنگی مآبوں کی تعریف بھی سن لیجیے -

ہم مسلمانانِ افرنگی مآب چشمۂ کوثر بجوئند از سراب

یہ سراب کیا ہے ؟ وہی تو ہے جس کی طرف مختلف ازم دعوت دے رہے ہیں - ظاہر ہے کہ فرنگی مآب مسلمان توریت و انجیل کے داعی تو نہیں ہیں - ان کے متعلق آخری فیصلہ یہ ہے کہ

بے خبر از سرِّ دین اند این ہمہ اہل کین اند اہل کین اند این ہمہ

خدا را سوچیے سرِّ دین بنانے والا شخص سوشلسٹ ہو سکتا ہے ؟

سوشلزم مذہب کو افیون کہتا ہے ، خدا کی نفی کرتا ہے ، یعنی ''لا'' کو اپنی آخری منزل سمجھتا ہے - لیکن علامہ کہتے ہیں :

نہادِ زندگی میں ابتدا ''لا'' انتہا الا"
پیامِ موت ہے جب ''لا'' ہوا ''الا'' سے بے گانہ
وہ ملت روح جس کی لا سے آگے بڑھ نہیں سکتی
یقیں جانو ہوا لبریز اس ملت کا پیمانہ

علامہ جس مسلک کو پیامِ موت کہتے ہیں علامہ کے ''کرم فرما'' ان کو ایسی موت کا پیام بر ثابت کرنے پر تل گئے ہیں - بانیٔ اشتراکیت کارل مارکس پر علامہ کی تلخ تنقید کو ان کے کلام سے کون خارج کر سکتا ہے ؟

صاحبِ سرمایہ از نسلِ خلیل یعنی آں پیغمبرِ بے جبرئیل
زانکہ حق در باطلِ او مضمر است قلبِ او مومن، دماغش کافر است

اب اس حق کے اوپر چڑھے ہوئے باطل اور دماغی کفر کی شرح بھی علامہ ہی کی زبان سے سنیے :

غربیاں گم کردہ اند افلاک را در شکم جوئند جانِ پاک را
رنگ و بو از تن نگیرد جانِ پاک جز بہ تن کارے نہ دارد اشتراک

یعنی بادام کے چھلکے ہی کو سب کچھ سمجھ لیا - اس کے اندر جو مغز ہے اس کی کچھ خبر نہیں :

دینِ آں پیغمبرِ حق ناشناس بر مساوات شکم دارد اساس

تا آخوت را مقام اندر دل است بیخ او در دل ، نہ درآب گل است

بعض لوگوں نے مادیت سے کلی روگردانی کو اپنا مسلکِ حیات اور ذریعہٗ نجات سمجھا ۔ اس کو علامہ اصطلاحاً ذکر کہتے ہیں ، اور بعض نے اپنی تمام استعدادیں مادیت ہی میں کھپا دیں ۔ ان کے خیال میں ورائے مادیت کچھ ہے ہی نہیں ۔ اس کا نام فکر ہے ۔ علامہ اقبال اسلام کی روشنی میں ترکِ دینا اور غرقِ دینا دونوں کے خلاف ہیں ۔ وہ توسط و اعتدال کی راہ کی طرف دعوت دیتے ہیں ۔ فرماتے ہیں :

فقرِ قرآں اختلاطِ ذکر وفکر فکر را کامل ندیدم جز بذکر

ذکر کی تشریح کرتے ہیں :

ذکر ؟ ذوق و شوق را دادن ادب کارِ جان است ایں نہ کارِ کام و لب

یعنی صرف اللہ اللہ کہتے رہنے سے ذکر کی تکمیل نہیں ہوتی ۔ ذکر تو روح کی گہرائیوں میں اُتار لینے کی چیز ہے جس کا مظہر انسانی زندگی کے تمام اخلاق و اعمال بن جاتے ہیں ۔

قرآنِ حکیم نے انفاق فی سبیل اللہ کا ایک مکمل نظام قائم کیا ہے جس کی تشریح ہمارے معاشیات کے ماہر علما کئی کتابوں کی شکل میں کر چکے ہیں ۔ علامہ اس کا ذکر جا بجا کرتے ہیں :

چیست قرآں خواجہ را پیغامِ مرگ دست گیرِ بندۂ بے ساز و برگ

جب قرآن کے اندر زر و مال کی افراط و تفریط کا علاج و قانون موجود ہے تو ہم کو قرآن سے باہر دہریت میں اس کی تلاش کی کیا ضرورت ہے ؟

افسوس تو اس بات کا ہے خود مسلمانوں نے بقول علامہ اپنی عملی زندگی سے قرآن کو خارج کر رکھا ہے ۔ اگر وہ اس پر عامل رہتے اور اقوامِ عالم ان کے قابلِ رشک قرآنی معاشرے کو دیکھتیں تو خود بخود اسلام کی طرف منجذب ہو جاتیں ۔ قرنِ اول میں اس کے ثبوت ملتے ہیں جب مسلمان اپنے اعلیٰ کردار سے اغیار کے دل جیت لیتے تھے ۔ علامہ اسی بے عملی اور مقصودِ قرآن کا ذکر فرماتے ہیں :

منزل و مقصود قرآں دیگر است رسم و آئینِ مسلماں دیگر است
در دلِ او آتشِ سوزندہ نیست مصطفیٰؐ در سینہٗ او زندہ نیست

زبانی زبانی عشق رسول کے دعوے اور ہماری نعتیہ شاعری عمل کا بدل تو نہیں ہو سکتی ۔

اقبال اور وحدۃ الوجود : علامہ کے ایک شارح فرماتے ہیں : "آخر عمر میں حضرت اقبال بھی وجودی ہو گئے تھے"۔[7]

''علامہ نے ڈاکٹر نکلسن کی خواہش پر ایک مقالہ لکھا تھا ۔ اس کے بعض اقتباسات ملاحظہ فرمائیے : ''قرآن مجید میں خدا کے سوا دوسرے خالقوں کے امکان کی طرف اشارہ پایا جاتا ہے ۔ فتبارک اللہ احسن الخالقین ۔ ۔ ۔ ۔ ان سب (وجودی صوفیہ) کا خیال تو یہ ہے کہ خدا یا حیات کلی میں جذب ہو جانا ہی انسان کا منتہائے مقصود ہے ۔ اسی میں اس کی نجات ہے" : بقول غالب ، ''عشرت قطرہ ہے دریا میں فنا ہو جانا" ۔

''لیکن اقبال کے نزدیک انسان کا اخلاقی اور مذہبی منتہائے مقصود اپنی انفرادی ہستی کو فنا کر دینا نہیں بلکہ اُسے قائم رکھنا ہے اور اس کے حصول کا طریقہ یہ ہے کہ وہ اپنے اندر انفرادیت پیدا کرے اور زیادہ سے زیادہ بے عدیل بنے ۔''[8]

مزید لکھتے ہیں :

''قرب الٰہی کا یہ مطلب یہ نہیں کہ انسان خدا کی ذات میں فنا ہو جائے ۔ بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ خدا کو اپنے اندر جذب کرے" (صفات الٰہیہ کے جذب کر لینے سے مراد ہے) ۔[9]

اسی کو تخلق باخلاق اللہ کہا جاتا ہے اور قران کی زبان سے صبغۃ اللہ و من احسن من اللہ صبغہ (بقرہ ، ۱۳۸) فرمایا گیا ہے یعنی ہم نے قبول کر لیا رنگ اللہ کا ، اور کس کا رنگ بہتر ہے اللہ کے رنگ سے ؟ (شیخ الہند) ۔

مسلمانوں میں وحدۃ الوجود کے اولین مرشد شیخ اکبر کو علامہ نے ہندو فلسفہ ویدانت کا ہم نوا قرار دیا ہے ۔ فرماتے ہیں : ''مسئلہ 'انا' کی تحقیق و تدقیق میں مسلمانوں اور ہندوؤں کی ذہنی تاریخ میں ایک عجیب و غریب مماثلت ہے اور وہ یہ کہ جس نقطۂ خیال سے سری شنکر نے گیتا کی تفسیر کی ہے اسی نقطۂ خیال سے شیخ محی الدین ابن عربی اندلسی نے قرآن شریف کی تفسیر کی ۔ ۔ ۔ ۔ وہ مسئلۂ وحدۃ الوجود کے ان تھک مفسر تھے ۔ انھوں نے اس کو اسلامی تخیل کا ایک لاینفک عنصر بنا دیا ۔''[10]

اس اقتباس سے معلوم ہوا کہ شیخ سے پہلے اسلامی تخیل میں اس مسئلے کا

۷- شاہ محمد عبدالغنی ، ''قرآنی تصوف اور اقبال'' ، ص ۶۴ ۔
۸- پروفیسر سید محمد عبدالرشید فاضل ، ''ترجمان خودی" ، ص ۱۸۱ ۔
۹- ایضاً ، ص ۱۸۲ ۔ ۱۰- ایضاً ، ص ۱۸۶ ۔

وجود نہیں تھا ۔[۱۱] اور یہ بھی کہ یہ قرآن سے مستنبط نہیں بلکہ گیتا کی تفسیر کے مماثل ہے ۔ علامہ مزید وضاحت کرتے ہیں : ''تصوف کا سب سے پہلا شاعر عراقی ہے جس نے 'لمعات' میں فصوص الحکم محی الدین ابن عربی کی تعلیموں کو نظم کیا ہے ۔ (جہاں تک مجھے علم ہے) فصوص میں سوائے الحاد و زندقہ کے اور کچھ نہیں ۔ اس پر میں انشاء اللہ مفصل لکھوں گا ۔''[۱۲]

مولانا اسلم جیراجپوری کے نام ایک خط میں علامہ لکھتے ہیں :

''تصوف سے مراد اگر اخلاص فی العمل مراد لی جائے تو کسی مسلمان کو اس پر اعتراض نہیں ہو سکتا ۔ ہاں جب تصوف فلسفہ بننے کی کوشش کرتا ہے اور عجمی اثرات کی وجہ سے نظام عالم کے حقائق اور ذات باری تعالیٰ کے متعلق موشگافیاں کر کے کشفی نظریہ پیش کرتا ہے تو میری روح اس کے خلاف بغاوت کرتی ہے ۔''[۱۳]

کیا ان اقتباسات کے خلاف علامہ نے اپنے کسی مقالہ میں اس خیال سے رجوع کا ذکر کیا ہے جس میں انہوں نے وحدۃ الوجود کو اسلامی اور قرآنی چیز قرار دیا ہو ؟ اگر اس کا کوئی ثبوت نہیں تو یہ علامہ پر افترا ہے ۔ اب آئیے ان آیات کی طرف جن سے بعض شارحین اقبال نے وحدۃ الوجود کا اثبات کیا ہے :

(۱) ''فلم تقتلوھم ولکن اللہ قتلھم ، وما رمیت اذا رمیت ولکن اللہ رمی'' (انفال ، ۱۷) : مسلمانو ! تم نے ان کفار کو قتل نہیں کیا ، لیکن اللہ نے قتل کیا ، اور اے رسول ! تو نے نہیں پھینکی مٹھی خاک کی جب پھینکی تھی ، لیکن اللہ نے پھینکی ۔

ہم ان آیات کی تشریح میں شیخ الاسلام علامہ عثمانی رحمۃ اللہ علیہ ، جن کا تفسیری حاشیہ سلف و خلف کا مستند خلاصہ ہے ، سے استفادہ کر رہے ہیں ۔ وہ لکھتے ہیں :

''تم بے سرو سامان ، قلیل التعداد مسلمانوں میں اتنی قدرت کہاں تھی کہ محض تمہارے زور بازو سے کافروں کے ایسے ایسے مُنڈ (بہادر) مارے جاتے ۔ یہ تو خدا ہی کی قدرت کا کرشمہ ہے ۔ اس نے ایسے متکبر سرکشوں کو فنا کے گھاٹ اتار دیا ۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ بظاہر کام تمہارے ہاتھوں سے لیا گیا اور ان میں فوق العادۃ قوت پیدا کر دی ، جسے تم اپنے کسب و اختیار سے حاصل نہ کر سکتے تھے ۔''

۱۱- شیخ کی وفات ۱۳۸ھ میں ہوئی ۔
۱۲- شیخ عطاء اللہ ، مرتب ، کتاب مذکور ، حصہ اول ، ص ۴۴ ۔
۱۳- ایضاً ، ص ۱۴۴ ۔

قرآن مجید میں بکثرت ایسی آیات ہے جن میں خالق اسباب ہونے کی حیثیت سے عام انسانی اعمال و افعال کا فاعل اللہ تعالیٰ نے اپنے آپ کو بتایا اور انسان کی نفی فرمائی ہے، مثلاً ”افرءیتم ما تحرثون ۔ ءانتم تزرعونہ ام نحن الزارعون“ (واقعہ، ۶۳-۶۴): دیکھو تو جو تم بوتے ہو کیا تم اس کی زراعت کرتے ہو یا ہم زراعت کرنے والے ہیں ؟ یہاں استفہام انکاری ہے، یعنی در اصل اللہ حقیقی مزارع ہے ۔

(۲) ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ ید اللہ فوق ایدیہم ”(فتح، ۱۰) : جو لوگ تجھ سے بیعت کرتے ہیں اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھ پر ہے ۔

یعنی نبی کے ہاتھ پر بیعت کرنا گویا خدا سے بیعت ہے کیونکہ نبی صلعم خدا ہی کی طرف سے بیعت لیتا ہے، اسی کے احکام کی تعمیل و تاکید بیعت کے ذریعے کراتا ہے ۔ من یطع الرسول فقد اطاع اللہ : رسول کا مطیع اصل میں اللہ تعالیٰ کا مطیع ہے ۔

(۳) ”و للہ المشرق و المغرب فاینما تو لوافثم وجہ اللہ“ (بقرہ، ۱۱۵) : اللہ تعالیٰ ہی کا ہے مشرق و مغرب، سو جس طرف تم منہ کرو، وہاں ہی اللہ متوجہ ہے (ترجمہ شیخ الہند) ۔

یعنی یہود و نصاریٰ کا جھگڑا تھا ۔ ہر کوئی اپنے قبلہ کو بہتر بتاتا تھا ۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اللہ مخصوص کسی طرف نہیں بلکہ مکان اور جہت سے منزہ ۔ البتہ اس کے حکم سے جس طرف منہ کرو گے، وہ متوجہ ہے ۔ تمہاری عبادت قبول کرے گا ۔

(۴) ”نحن اقرب الیہ من حبل الورید“ (قٓ، ۱۶): ہم (یعنی خدا) اس (یعنی انسان) سے نزدیک تر ہیں، اس کی رگ جان سے ۔

مطلب یہ کہ ہم (باعتبار علم کے) اس کی روح اور نفس سے بھی نزدیک تر ہیں ۔ یعنی جیسا علم انسان کو اپنے احوال کا ہے، ہم کو اس کا علم خود اس سے بھی زیادہ ہے ۔ بقول سحابی نجفی

آں کس کہ تو حال خود باو می گوئی
آگاہ نۂ کہ او بتو بنمودہ ترا

انسان بطن مادر سے نکلتا ہے تو کچھ نہیں جانتا، یہاں تک کہ اپنے آپ سے بھی بے خبر ہوتا ہے ۔ پھر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کے جتلانے اور جنوانے سے اپنے آپ کو اور دوسری مخلوقات کو جاننے لگتا ہے ۔

(۵) ''ھو معکم اینما کنتم واللہ بما تعملون بصیر'' (حدید ، ۴) : تم جہاں بھی ہو وہ تمہارے ساتھ ہے - اور اللہ جو کچھ تم کرتے ہو ، اس کو دیکھتا ہے ، یعنی کسی وقت تم سے غائب نہیں ، بلکہ جہاں کہیں ہو اور جس حال میں ہو وہ خوب جانتا ہے اور تمام کھلے چھپے اعمال کو دیکھتا ہے -

(۶) ''ھو الاول و الاخر و الظاہر و الباطن و ھو بکل شی علیم ، (حدید ، ۳) : وہ سب سے پہلا اور سب سے پچھلا اور باہر اور اندر ہے اور وہ سب کچھ جانتا ہے -

یعنی جب کوئی نہ تھا ، وہ موجود تھا ، اور کوئی نہ رہے گا وہ موجود رہے گا - عرش سے فرش تک اور ذرہ سے آفتاب تک ہر چیز کی ہستی اس کی ہستی کی روشن دلیل ہے - لیکن اسی کے ساتھ اس کی کنہِ ذات اور حقائقِ صفات تک عقل و ادراک کی رسائی نہیں - ظاہر (بمعنی غالب) ایسا کہ اس سے اوپر کوئی قوت نہیں - باطن ایسا کہ اس سے پرے کوئی موقع نہیں ، جہاں اس کی آنکھ سے بوجھل ہو کر پناہ مل سکے - حدیث میں ہے وانت الظاہر فلیس فوقک شئی وانت الباطن فلیس دونک شئی -

(۷) ''و فی الارض آیات للموقنین و فی انفسکم افلا تبصرون (ذاریات ، ۲۰-۲۱) : اہل یقین کے لیے زمین میں اور خود تمہارے اندر نشانیاں ہیں - کیا تم کو سوجھتا نہیں ؟ (شیخ الہند) -

یعنی انسان اگر خود اپنے اندر یا روئے زمین کے حالات میں غور و فکر کرے تو بہت جلد اس نتیجہ پر پہنچ سکتا ہے کہ ہر نیک وبد کی جزا و سزا ضرور مل کر رہے گی ، جلد بدیر -

یہ ہیں ان آیات کے سیدھے سادے معنی جو صحابہ سے لے کر آج تک مفسر و مترجم سمجھتے چلے آ رہے ہیں اور سیاق آیات بھی انہی کی تائید کرتا ہے - پھر کیا تمام صحابہ نے یا کسی ایک ہی صحابی نے ان آیات میں سے کسی ایک آیت سے وحدۃ الوجود کا مسلک سمجھا تھا ؟

قرآن حکیم اپنے آغاز سے اخیر تک خالق و مخلوق کو الگ الگ بتاتا ہے - سورۂ فاتحہ سے اعوذ برب الناس تک دیکھتے جائیے - ایاک نعبد و ایاک نستعین — ایک عابد ہے ، دوسرا معبود - ایک منگتا ہے ، دوسرا داتا - ایک پناہ مانگ رہا ہے ، دوسرا پناہ دینے والا - ایک جنا ہوا اور جننے والا ، دوسرا لم یلد و لم یولد - ایک بیمار ، دوسرا شافی ، بقول حضرت ابراہیم : اذا مرضت فھو یشفین (شعرا ، ۸۰) - ایک مرتا ہے اور دوبارہ زندہ ہو کر دوزخ یا بہشت میں جاتا ہے ،

دوسرا وہ ہے جو سزا و جزا دیتا ہے ۔ خدا را بتائیے کہ مرنے کے بعد تک تو یہ فرق اور دوئی، موجود رہتی ہے ۔ پھر وحدۃ الوجود کا قطرہ دریا میں کب فنا ہوگا ؟ علامہ کے سامنے یہ سب آیات تھیں ۔ وہ روزِ حشر کی پرسش کے تصور سے لرزتے تھے ۔ اس عاجز نے ان کو ذکرِ آخرت پر روتے اور سسکیاں بھرتے دیکھا ہے ۔ ان کا مشہور رباعی نما قطعہ ہے :

تو غنی از ہر دو عالم من فقیر روزِ محشر عذر ہائے من پذیر
ور حسابم را تو بینی ناگزیر از نگاہِ مصطفیٰ پنہاں بگیر

اور یہ بھی فرمایا :

مکن رسوا حضورِ خواجہ ما را حسابِ من ز چشمِ او نہاں گیر

ہاں اگر وحدۃ الوجود کے کوئی اور فلسفیانہ معنی ہیں تو اسلام جو ایک عملی دین ہے ایسی پیچیدگیوں سے کوئی سرو کار نہیں رکھتا ۔

پائے استدلالیاں چوبیں بود پائے چوبیں سخت بے تمکیں بود

خود قرآن نے بےکار بحثوں سے روک دیا ہے : لیس کمثلہ شیٔ (شوریٰ ، ۱۱) : اس کی مثل کوئی شے نہیں ، یعنی ذات ، صفات اور احکام میں کوئی اس کا مماثل نہیں ۔ نہ اس کے دین کی طرح کوئی دین ہے ، نہ اس کا کوئی جوڑ ہے ، نہ ہمسر اور ہم جنس (عثمانیؒ) ۔ فلا تضربو للہ الامثال (نحل ، ۷۴) : مت چسپاں کرو اللہ پر مثالیں ۔ تفکروا فی خلق اللہ و لا تفکروا فی اللہ : اللہ کی مخلوقات میں غور فکر کرو ، لیکن اس کی کنہِ ذات میں مغزپچی نہ کرو ۔ بقول مولوی غلام رسولؒ:

حادث کیا قدیموں جانے ؟ جے لکھ اُڈے ہوائیں
ڈب مریندیاں عقلاں حیرت دے دریائیں

اور بقول سعدی

چہ شب ہا نشستم درین دہر گم کہ حیرت گرفت آستینم کہ قم
درین ورطہ وچ کشتی فروشد ہزار کہ پیدا نشد تختۂ بر کنار

یہ ہیں اِن تمام آیات کے سیدھے سادے معانی و مفاہیم جو تمام قدیم و جدید ثقہ مفسرین کے نزدیک بلا اختلاف چلے آ رہے ہیں ، سوائے ان لوگوں کے جِن کے متعلق علامہ نے کہا ہے :

خود بدلتے نہیں قرآں کو بدل دیتے ہیں

زیادہ اشعار کی بھرتی اور مثالیں دینے کی ضرورت نہیں - ہر شخص جس نے علامہ کے کلام کا سرسری مطالعہ بھی کیا ہوگا جانتا ہے کہ ان کی شاعری حضرت کا آغاز عشق حجاز سے ہوا :

نغمہ ہندی ہے تو کیا لے تو حجازی ہے میری

اور پھر زندگی بھر وہ اسی عشق کے زیر اثر اسلام و مسلمین کی خدمت کرتے رہے ، یہاں تک کہ ان کا انجام بھی اسی آرزو پر ہوا :

آرزو دارم کہ میرم در حجاز

سرود رفتہ باز آید کہ ناید نسیمے از حجاز آید کہ ناید
سر آمد روزگار این فقیرے دگر دانائے راز آید کہ ناید

اب ان کی وفات کے سالہا سال بعد کچھ لوگ ان کی تمام فکر و کاوش کا قبلہ ماسکو کو بنانا چاہتے ہیں - اگر وہ ہم میں موجود ہوتے تو یہ لوگ ایسی جسارت کر ہی نہیں سکتے تھے ، اور اگر کوئی سر پھرا ایسی حرکت کرتا تو وہ اس سے پوچھتے کہ "تم مجھ کو مجھ سے زیادہ جاننے والے ، بلکہ مجھ کو میرا نقیض ثابت کرنے والے کہاں سے پیدا ہو گئے ؟"

وہ تو اپنی آخری کتاب "ارمغان حجاز" میں ، عمر کی آخری منزل میں حرم ، حجاز اور یثرب ہی کا ورد کرتے ہوئے دنیا سے رخصت ہوئے - چنانچہ ملا سے گریزاں ہونے کا سبب ہی یہ بتاتے ہیں :

ازاں بگریختم از مکتب او کہ در ریگ حجازش زمزمے نیست

حرم کعبہ سے اپنے روحانی رشتے کا ذکر کرتے ہیں :

حرم تا در ضمیر من فرو رفت سرودم آنچہ بود اندر ضمیرش

بستر مرض پر لیٹے ہوئے بھی دنیائے خیال میں سفر یثرب کی تیاری ہو رہی ہے :

مرا تنہائی و آہ و فغاں بہ سوئے یثرب سفر بے کارواں بہ

طویل بیماری اور عالم پیری — بیک وقت دونوں کا حملہ ہو رہا ہے - اس پر بھی عزم و ہمت کی بلندی دیکھیے :

بایں پیری رہ یثرب گرفتم نوا خواں از سرود عاشقانہ
چو آں مرغے کہ در صحرا سر شام کشاید پر بہ فکر آشیانہ

یعنی ان کے طائر روح کا اصلی نشیمن یثرب ہے - اس کے سوا دنیائے آباد

کا کوئی شہر انہیں اپنی گلیوں کی طرف نہیں کھینچ سکتا۔

محترم سامعین! ایسے شخص کو کوئی شخص سوشلسٹ ثابت کرنا چاہے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ بصارت سے محروم ہے اور دوسروں کی آنکھوں میں بھی مٹی جھونکنا چاہتا ہے، یا پھر جان بوجھ کر:

بدو زد طمع دیدۂ ہوش مند

کا مصداق بن رہا ہے۔ قرآن حکیم نے ایسے ہی لوگوں کی شان میں فرمایا ہے: "لھم قلوب لایفقھون بھا و لھم اعین لا یبصرون بھا ولھم آذان لایسمعون بھا" (اعراف: ۱۷۹): ان کے دل تو ہیں، ان سے سمجھنے کا کام نہیں لیتے اور آنکھیں بھی ہیں، اس کے باوجود دیکھتے نہیں۔ کان بھی رکھتے ہیں، ان سے صحیح بات نہیں سنتے۔

قوم اقبال کا فرض ہے کہ ایسے ہاتھوں سے قلم چھین لے جو اقبال کو مسخ کر رہے ہیں۔ یہ بات حکومت پاکستان کے منشا کے عین مطابق ہوگی جس کے آئین میں اسلام کی اہمیت کا اعتراف موجود ہے کہ اس ملک میں کوئی خلاف اسلام بات برداشت نہیں کی جائے گی:

یا رب زسیل حادثہ طوفاں رسیدہ باد
بت خانۂ کہ خانقہش نام کردہ اند

مقالہ ختم ہوا، اس کی تکمیل کے بعد علامہ کے وحدۃ الوجودی ہونے کے خلاف مجھے چند سطور اور مل گئیں۔ وہ بھی مناسب حال ہونے کی وجہ سے پیش کرتا ہوں۔ ان کے صاحب زادہ جسٹس جاوید اقبال نے پچھلے دنوں ایک طویل تقریر کی۔ اس میں انھوں نے کہا:

"اقبال نے اپنی زندگی کا آغاز ایک وحدۃ الوجودی، ہندوستانی قوم پرست اور مطلق پرست کی حیثیت سے کیا ---- حقیقت تو یہ ہے کہ انھوں نے اپنے قیام یورپ کے دوران ہی وحدۃ الوجود، لادین نیشنلزم اور وطن پرستی کے نظریات کو ترک کر دیا۔ اقبال نے محسوس کیا ---- چونکہ اسلام اپنی ذات میں اکمل ہے، یہ اپنے سے جدا کسی ازم یا نیشنلزم اور دوسرے ازم کو برداشت نہیں کرتا۔"[۱۴]

اس اقتباس سے ان کے غیر وحدۃ الوجودی ہونے کے ساتھ ہی غیر سوشلسٹ ہونے کا ثبوت بھی فراہم ہوتا ہے — اور آگے بڑھیں تو یہ سطور ملتی ہیں:

۱۴- روزنامہ "نوائے وقت"، لاہور، مورخہ ۲۰ اگست ۱۹۷۵ -

''انسان ایک معین خودی اور ایک شخصیت کا حامل ہونے کے باعث خدا سے علیحدہ و منفرد ہے۔ انسان آزاد ہے۔ ۔ ۔ ۔ انسان اور خدا انتہائی متحرک و فعال شخصیات کے حامل ہیں۔ وہ ایک دوسرے سے ممتاز و منفرد ہونے کے ساتھ ساتھ رفیق و دمساز بھی ہیں۔ پانی کے قطروں کے بحر میں ضم ہو جانے کی مثال کا اطلاق صرف انہی خودیوں پر ہوتا ہے جو اپنے استحکام و فروغ میں ناکام رہتی ہیں۔ ۔ ۔ ۔ انسان کا مقدر انفرادیت کی حدود سے نجات پانا نہیں، بلکہ اس کا مزید اور واضح تعین ہے''۔

اس اقتباس میں مروجہ تصوف کے اس عقیدے کی واضع تردید ملتی ہے کہ

عشرتِ قطرہ ہے دریا میں فنا ہو جانا

اپنے ابدی اصول و اقدار کو نظر انداز کرتے ہوئے اغیار کے ہنگامی افکار کی پیروی پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں :

''دستِ سوال دراز کرنا دوسرں سے بسر اوقات کے ذرائع مانگنے تک محدود نہیں، بلکہ اس میں دوسروں کی فکری دریوزہ گری بھی شامل ہے، جو انجام کار نقل اور تقلید کرنے اور بالاخر غلامی و محکومی تک نوبت پہنچا دیتی ہے۔ غلامی سے افراد اور معاشرے فنا ہو جاتے ہیں۔''[15]

علامہ کی یہ ثابت شدہ صراحتیں اور وضاحتیں ہیں جن کی علامہ ہی کے ہم وطن و ہم عصر بلند ترین آواز سے تکذیب و تردید فرما رہے ہیں :

بسوخت عقل ز حیرت کہ ایں چہ بوالعجبی ست

۱۵- ایضاً، مورخہ ۲۲ اگست ۱۹۷۵ -